مولز کی تعداد $=$ کسی شے کا دیا گیا ماس / اس شے کا مولر ماس $= \frac{60}{63} = 0.9624$ مولز

$BaCl_2$ کے مولز کی تعداد $= \frac{30}{208} = 0.144$ moles

$$BaCl_2 \longrightarrow Ba^{+2} + 2Cl^{-}$$

$BaCl_2$ کے ایک مالیکیول میں کل آئنز $= 1+2=3$

1 مول $BaCl_2$ میں آئنز کی تعداد $= 3 \times 6.02 \times 10^{23}$

0.144 مولز $BaCl_2$ میں آئنز کی تعداد $= 0.144 \times 3 \times 6.02 \times 10^{23}$

$= 2.60 \times 10^{23}$ ions

حل: (c) 58 گرام H_2SO_4

H_2SO_4 کا دیا ہوا ماس $= 58$ g

H_2SO_4 کا مولر ماس $= 2 + 32 + 64 = 98$ g mol^{-1}

مولز کی تعداد $=$ کسی شے کا دیا گیا ماس / اس شے کا مولر ماس

H_2SO_4 کے مولز کی تعداد $= \frac{58}{98} = 0.59$ moles

$$H_2SO_4 \longrightarrow 2H^{+1} + So_4^{-2}$$

H_2SO_4 کے ایک مالیکیول میں کل آئنز $= 2+1=3$

1 مول H_2SO_4 میں آئنز کی تعداد $= 3 \times 6.02 \times 10^{23}$

0.59 مول H_2SO_4 میں آئنز کی تعداد $= 0.59 \times 3 \times 6.02 \times 10^{23}$

$= 10.65 \times 10^{23}$

$= 10.65 \times 10^{23}$ ions

سوال 6: سلفیورک ایسڈ کے 2.05×10^{16} مالیکیولز کا ماس کیا ہوگا؟

H_2SO_4 کے مالیکیولز کی تعداد $= 2.05 \times 10^{16}$

H_2SO_4 کا مولر ماس $= 2 + 32 + 64 = 98$ g mol^{-1}

6.02×10^{23} مالیکیولز کا ماس $= 98$g

downloaded from https://informationmissed.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHOAIB QURESHI https://www.facebook.com/10207917526999 WHATSAPP:0...042418

1 مالیکیول کا ماس $= \frac{98}{6.02\times10^{23}}$

2.05×10^{16} مالیکیولز کا ماس $= \frac{98}{6.02\times10^{23}}\times2.05\times10^{16}$

$= 3.34\times10^{-6}g$

سوال 7: 60 گرام HNO_3 تیار کرنے کے لیے کل کتنے ایٹمز درکار ہوں گے؟

حل: HNO_3 میں مولز کی تعداد $= \frac{60}{63} = 0.9524$

HNO_3 کا ماس $= 60\ g$

HNO_3 کا مولر ماس $=$

$1+14+48 = 63 g\ mol^{-1}$

HNO_3 مولز کی تعداد = مولز کی تعداد = $\frac{\text{کسی شے کا دیا گیا ماس}}{\text{اس شے کا مولر ماس}} = \frac{60}{63} = 0.9524$ مولز

HNO_3 کے ایک مالیکیول میں کل ایٹمز $= 1+1+3=5$ ایٹمز

1 مول HNO_3 تیار کرنے کے لیے درکار ایٹمز $= 5\times6.02\times10^{23}$

0.9624 مول HNO_3 تیار کرنے کے لیے درکار ایٹمز $= 0.9524\times5\times6.02\times10^{23}$

$= 28.7\times10^{23}$

$= 2.87\times10^{24}$ atoms

downloaded from https://infohubmissised.com/

سوال 8: 30 گرام NaCl میں Na^+ اور Cl^- کے کتنے آئینز درکار ہوں گے؟

NaCl کا ماس $= 30\ g$

NaCl کا مولر ماس $= 23+35.5 = 58.5 g\ mol^{-1}$

مولز کی تعداد = $\frac{\text{کسی شے کا دیا گیا ماس}}{\text{اس شے کا مولر ماس}}$

NaCl کے مولز کی تعداد $= \frac{30}{58.5} = 0.513$ moles

1 فارمولا یونٹ NaCl میں کل آئنز $= 1+1=2$

1 مول NaCl میں Na^+ اور Cl^- آئنز کی تعداد $= 2\times6.02\times10^{23}$

0.513 مول NaCl میں Na^+ اور Cl^- آئنز کی تعداد $= 0.513\times2\times6.02\times10^{23}$

$= 6.17\times10^{23}$ ions

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/1020791752699991 WHATSAPP 03006042418

سوال 9: 10 گرام HCl بنانے کے لیے HCl کے کتنے مالیکیولز درکار ہوں گے؟

HCl کا ماس = 10 g

HCl کا مولر ماس = $1+35.5=36.5\text{g mol}^{-1}$

مولز کی تعداد = $\dfrac{\text{کسی شے کا دیا گیا ماس}}{\text{اس شے کا مولر ماس}}$

HCl کے مولز کی تعداد = $\dfrac{10}{36.5}=0.274\text{ moles}$

1 مول HCl تیار کرنے کے لیے درکار مالیکیولز = 6.02×10^{23}

0.274 مول HCl تیار کرنے کے لیے درکار مالیکیولز = $0.274\times6.02\times10^{23}$

=

سوال 10: 6 گرام کاربن C میں جتنے ایٹمز ہیں، اتنے ایٹمز اگر میگنیشیم Mg کے ہوں تو ان کا ماس کتنے گرام ہوگا؟

کاربن کا دیا ہوا ماس = 6 g

کاربن کا مولر ماس = 12g mol^{-1}

میگنیشیم کا مولر ماس = 24g mol^{-1}

12g کاربن میں ایٹمز کی تعداد = 6.02×10^{23}

1g کاربن میں ایٹمز کی تعداد = $\dfrac{6.02\times10^{23}}{12}$

6g کاربن میں ایٹمز کی تعداد = $\dfrac{6.02\times10^{23}}{12}\times6=3.01\times10^{23}\text{ atoms}$

6.02×10^{23} میگنیشیم ایٹمز کا ماس = 24 g

1 میگنیشیم ایٹم کا ماس = $\dfrac{24}{6.02\times10^{23}}\text{g}$

3.01×10^{23} میگنیشیم ایٹمز کا ماس = $\dfrac{24}{6.02\times10^{23}}\times3.01\times10^{23}$

میگنیشیم کا ماس = 12 g

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269994 WHATSAPP 03...6042418

باب	2	ایٹم کی ساخت	معروضی مختصر اور طویل سوالات 2014 - 2021

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1۔ بلم پڈنگ تھیوری کس سائنسدان نے پیش کی؟ [GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

(A) بوہر (B) تھامسن (C) چیڈوک (D) ردرفورڈ

2۔ الیکٹرون کا ماس ہے۔ [GUJ-II,RWP-II,DEK-I,BWP-II]

(A) 1.672×10^{-24} kg (B) 1.672×10^{-24} g (C) 9.106×10^{28} kg (D) 9.106×10^{-28} g

3۔ ڈسچارج ٹیوب میں کینال ریز کے پیدا ہونے کی وجہ ہے۔ [GUJ-I,DGK-II,ALP,MTN-I/II]

(A) اینوڈ کی موجودگی (B) گیس مالیکیولز کی آئیونائزیشن
(C) کیتھوڈ کی موجودگی (D) گیس کے زیادہ پریشر کی وجہ سے

4۔ پلانکس کونسٹنٹ کی ویلیو ہے؟ [GUJ-I,SGD-II,BWP-II,SWL-I]

(A) 6.63×10^{-36} Js (B) 6.63×10^{-3} Js
(C) 6.63×10^{-34} Js (D) 6.63×10^{-33} Js

5۔ کس سائنسدان کو نیوکلیئر سائنس کا باپ کہا جاتا ہے۔ [GUJ-II,RWP-II]

(A) ردرفورڈ (B) پلانک (C) بوہر (D) تھامسن

6۔ بوہر نے نوبل پرائز جیتا ______: [LHR-II,DGK-I,ALP,BWP-I/II,SWL-II]

(A) 1922 (B) 1923 (C) 1920 (D) 1921

7۔ ہائیڈروجن کی الیکٹرونک کنفگریشن ہے۔ [GUJ-II,FSD-I/II,SGD-I,BWP-II]

(A) $1s^2,2s^2$ (B) $1s^2$ (C) $1s^2$,c,$1s^2,2s^1$ (D) $1s^1$

8۔ K شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون ہوتے ہیں۔ [GUJ-II,FSD-I/II,SGD-I,BWP-II]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

9۔ M شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون ہو سکتے ہیں؟ [GUJ-I/II,FSD-II,SGD-II]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

10۔ ایک الیکٹرون حاصل کرنے کے بعد کلورین ایٹم کس نوبل گیس کی کنفگریشن حاصل کرتا ہے۔ [GUJ-II,MTN-I,BWP-II]

(A) ہیلیم (B) نی اون (C) آرگان (D) کرپٹان

11۔ نوبل گیسز کی الیکٹرانک کنفگریشن ہے: [GUJ,RWP,ALP,FSD-II]

(A) ns^2,np^3 (B) ns^2,np^4 (C) ns^2,np^6 (D) ns^2,np^5

12۔ کاربن کا کون سا آئسوٹوپ زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے: [FSD-I,DGK-II,BWP-I,MTN-I/II]

(A) 96.9% (B) 97.6% (C) 99.7% (D) 98.9%

13۔ $^{12}_{6}C$ میں نیوٹرونز کی تعداد ہوتی ہے: [FSD-II,MTN-II,ALP,BWP-I,SWL-I]

(A) 8 (B) 6 (C) 7 (D) 9

downloaded from https://infohubhmssissgd.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269998 HT SAP 06042418

14۔ ہائیڈروجن کے کس آئسوٹوپ میں نیوٹرون کی تعداد زیادہ ہے۔ [GUJ-I/II,FSD-I/II,DGK-I]

(A) پروٹیم (B) ڈیوٹریم (C) ٹرائیٹیم (D) ان میں سے کوئی نہیں

2014 - 2019 (Objective Type)

2.1 ایٹم کی ساخت سے متعلق تھیوریز

15۔ پروٹون کس نے دریافت کیا؟ [LHR-II,GUJ-II,ALP,FSD-II]

(A) گولڈسٹائن (B) تھامسن (C) نیل بوہر (D) ردرفورڈ

16۔ نیوٹرون کس نے دریافت کیا؟ [MTN-II,FSD-I,SGD-I]

(A) گولڈسٹائن (B) تھامسن (C) چیڈوک (D) ردرفورڈ

17۔ ذیل میں کس کے نتیجے میں الیکٹرون کی دریافت ہوئی؟ [SGD-I/II,MTN-II,BWP-I]

(A) کیتھوڈ ریز (B) کینال ریز (C) x ریز (D) الفا ریز

18۔ کیتھوڈ ریز کو دریافت کیا۔ [MTN-II,ALP,BWP-II]

(A) گولڈسٹائن (B) جان ڈالٹن (C) جے جے تھامسن (D) بوہر

19۔ نیوٹرون پر چارج ہے۔ [DGK-I,GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

(A) مثبت (B) منفی (C) نیوٹرل (D) پارشل پوزیٹو

ردرفورڈ اٹامک ماڈل بوہر اٹامک تھیوری

downloaded from https://infohubprmssissed.com/

20۔ ان میں سے ہیلیم نیوکلیائی (He^{2+}) ہے: [MTN-II,DGK-I,SWL-II,BWP-II]

(A) الفا ذرات (B) بیٹا ذرات (C) گیما ذرات (D) نیوٹرل ذرات

21۔ ردرفورڈ کو نوبل پرائز سے نوازا گیا؟ [BWP-I/II,ALP,DGK-I,SWL-II]

(A) 1912ء (B) 1911ء (C) 1920ء (D) 1913ء

22۔ بوہر نے اپنا اٹامک ماڈل پیش کیا ہے؟ [LHR-II,DGK-I,BWP-I/II,SWL-I]

(A) 1911 (B) 1920 (C) 1921 (D) 1913

2.2 الیکٹرونک کنفگریشن

23۔ شیل چار سب شیلز پر مشتمل ہے۔ [GUJ-I,RWP-II,FSD-I,MTN-II]

(A) K (B) L (C) M (D) N

24۔ سیکنڈ انرجی لیول کونسا ہے؟ [LHR-II,ALP,DGK-II,MTN-I]

(A) K (B) L (C) M (D) N

25۔ نوبل گیس کے بیرونی شیل میں الیکٹرون کی تعداد ہے؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

(A) 8 (B) 7 (C) 6 (D) 17

26۔ ____ شیل تین سب شیلز پر مشتمل ہے۔ [LHR-II,ALP,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

(A) O (B) N (C) L (D) M

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE www.facebook.com/10207917526999 WHATSAPP: 03..042418

27- P سب شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون کی تعداد ہے۔ [RWP-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]

(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

28- N شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون کی تعداد ہے۔ [RWP-II,ALP,DGK-I]

(A) 32 (B) 18 (C) 8 (D) 2

29- L شیل میں زیادہ سے زیادہ الیکٹرون کی تعداد ہے۔ [DGK-I,BWP-I,SWL-I]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

30- ایٹم کے نیوکلیس میں ہوتا ہے: [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

(A) الیکٹرونز (B) پروٹانز (C) نیوٹرونز (D) B اور C دونوں

31- پوٹاشیم میں نیوٹران کی تعداد ہے: [MTN-I,ALP,SGD-II,BWP-I]

(A) 19 (B) 20 (C) 39 (D) 18

32- آرگن کا اٹامک نمبر ہے۔ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) 16 (B) 10 (C) 8 (D) 18

33- نائٹروجن کی الیکٹرونک کنفگریشن ہے۔ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

(A) $1s^2, 2s^2, 2p^2$ (B) $1s^2, 2s^2, 2p^3$ (C) $1s^2, 2s^2, 2p^4$ (D) $1s^2, 2s^2, 2p^5$

2.3 آئسوٹوپس

34- کاربن کے آئسوٹوپس ہیں۔ [LHR-I,ALP,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

35- کس ایلیمنٹ کے ایٹم میں نیوٹرون موجود نہیں ہوتے: [LHR-II,SGD-II,MTN-I/II,DGK-I]

(A) ہائیڈروجن (B) آکسیجن (C) کاربن (D) نائٹروجن

36- جب یورینیم U-235 ٹوٹتا ہے تو بنتا ہے۔ [LHR-II,ALP,BWP-II,SWL-II]

(A) الیکٹرون (B) پروٹون (C) نیوٹرون (D) کچھ نہیں

37- یورینیم کے آئسوٹوپس کی تعداد: [FSD-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-I,SWL-I]

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

38- ہائیڈروجن کے آئسوٹوپس ہیں: [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

39- بجلی پیدا کرنے کے لیے نیوکلیئر ریکٹر میں کونسا آئسوٹوپ استعمال ہوتا ہے؟ [LHR-I,ALP,GUJ-I/II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

(A) C-12 (B) U-235 (C) Co-60 (D) P-32

40- $^{14}_{6}C$ کتنے نیوٹران رکھتا ہے؟ [DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

(A) 6 (B) 7 (C) 8 (D) 9

41- یورینیم U-235 فشن ری ایکشن میں کتنے نیوٹرونز بنتے ہیں؟ [LHR-II,ALP,GUJ-II,FSD-I,RWP-II,DGK-II,SGD-II]

(A) 3 (B) 2 (C) 1 (D) 4

42- $^{13}_{6}C$ نیوٹران کی تعداد ہے: [GUJ,RWP,FSD-II]

(A) 7 (B) 8 (C) 9 (D) 6

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/10207917526990 WHATSAPP:03406042418

جوابات:

1	B	2	A	3	B	4	C	5	A	6	A	7	B	8	A	9	C	10	C
11	C	12	D	13	B	14	C	15	A	16	C	17	A	18	C	19	C	20	A
21	B	22	D	23	D	24	B	25	A	26	D	27	C	28	A	29	B	30	D
31	B	32	D	33	B	34	B	35	A	36	C	37	B	38	C	39	B	40	C
41	A	42	A																

ALP Annual Papers 2021

Short Questions

1۔ پلم پڈنگ تھیوری کیا ہے؟ [LHR-I,FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-II]

جواب: تھامسن نے "پلم پڈنگ تھیوری" پیش کی "اس کے مطابق ایٹم پوزیٹو چارج والی ایسی ٹھوس ساختیں ہیں جن کے اندر ننھے ننھے نیگیٹو پارٹیکلز چپکے ہوتے ہیں" ان کی شکل پلم پڈنگ سے مشابہ ہے۔

2۔ الیکٹرون، پروٹون اور نیوٹرون کو کس نے اور کب دریافت کیا؟

جواب: **الیکٹرون:** جے جے تھامسن نے 1897 میں الیکٹرون کو دریافت کیا۔

پروٹون: گولڈسٹائن نے 1886 میں پروٹون کو دریافت کیا۔ **نیوٹرون:** چیڈوک نے 1932 میں نیوٹرون کو دریافت کیا۔

3۔ نیوٹرون کی دریافت پر نوٹ لکھیں اور مساوات بھی لکھیں۔ [LHR-II,ALP,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: **نیوٹرون کی دریافت:** 1932 میں چیڈوک نے نیوٹرون کو دریافت کیا۔ اس نے عنصر بیریلیم پر الفا پارٹیکلز کی بوچھاڑ کی۔ اس نے مشاہدہ کیا کہ اس عمل سے بہت زیادہ سرائیت کرنے والی ریڈی ایشنز پیدا ہوئیں ان ریڈی ایشنز کو نیوٹرون کا نام دیا گیا۔

$$^{9}_{4}Be + ^{4}_{2}He \rightarrow ^{12}_{6}C + {}_{0}n^{1}$$

4۔ کوانٹم کا کیا مطلب ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب: کوانٹم کا مطلب ہے مخصوص انرجی، انرجی کی سب سے کم مقدار ہے جو الیکٹرومیگنیٹ ریڈی ایشنز کی صورت میں خارج یا جذب ہو سکتی ہے۔ کوانٹم کی جمع کو کوانٹا کہتے ہیں۔

5۔ بوہر اٹامک تھیوری کے دو نکات لکھیں۔ [GUJ-I,MTN-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: i۔ ہائیڈروجن ایٹم ایک چھوٹے سے نیوکلیس پر مشتمل ہے اس میں الیکٹرون نیوکلیس کے گرد ریڈیس کے کسی ایک گول آربٹ میں گردش کرتے ہیں۔ ii۔ ہر آربٹ کی ایک مخصوص انرجی ہے جو کہ کوانٹائزڈ ہے۔

6۔ رودرفورڈ اور بوہر اٹامک تھیوری میں فرق کریں۔ [FSD-I,ALP,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب:

رودرفورڈ اٹامک ماڈل	بوہر اٹامک تھیوری
i۔ اس کی بنیاد کلاسیکل تھیوری پر تھی۔	i۔ اس کی بنیاد کوانٹم تھیوری پر تھی۔
ii۔ الیکٹرونز نیوکلیس کے گرد گردش کرتے ہیں۔	ii۔ الیکٹرونز نیوکلیس کے گرد مخصوص انرجی کے آربٹس میں گردش کرتے ہیں
iii۔ آربٹس کے متعلق کوئی تصور پیش نہ کیا گیا۔	iii۔ آربٹس اینگولر مومینٹم رکھتے ہیں۔
iv۔ ایٹمز کو مسلسل سپیکٹرم ظاہر کرنا چاہیے۔	iv۔ ایٹمز کو لائن سپیکٹرم ظاہر کرنا چاہیے۔
v۔ ایٹم کو فنا ہو جانا چاہیے۔	v۔ ایٹم کو اپنا وجود برقرار رکھنا چاہیے۔

downloaded from https://informationsissued.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/10207917526999941 SAPP 0346042418

7۔ کاربن کے آئسوٹوپس کی وضاحت کریں۔ [DGK-I,BWP-II]

جواب: کاربن کے دو آئسوٹوپس C^{12} اور C^{13}، قیام پذیر ہیں جبکہ ایک ریڈیوایکٹو آئسوٹوپ C^{14}، ہے۔قدرتی طور پر آئسوٹوپ C^{12} کی مقدار 98.9% ہے جبکہ C^{13} اور C^{14} دونوں کی مقدار صرف 1-1% ہے۔



8۔ کینسر کے علاج میں کون سے ریڈیو آئسوٹوپس استعمال ہوتے ہیں؟ دو مثالیں دیں۔ [FSD-II,ALP,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: i۔ سکن کینسر کے علاج کے لیے P-32 اور Sr-90 استعمال کیے جاتے ہیں کیونکہ وہ کم سرائیت کرنے والی بیٹا (B) ریڈی ایشنز خارج کرتے ہیں۔

ii۔ جسم کے اندر موجود کینسر اثر انداز ہونے کے لیے Co-60 آئسوٹوپ استعمال کرتے ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ سرائیت کرنے والی گیما (r) ریڈی ایشنز خارج کرتا ہے۔

9۔ ٹیکنیٹیم کس مقصد کے لیے استعمال ہوتا ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: ہڈی کی نشوونما کا معائنہ کرنے کے لیے ٹیکنیٹیم استعمال کیا جاتا ہے۔

2014 - 2019 (Short Questions)

2.1 "ایٹم کی ساخت سے متعلق تھیوریز اور تجربات"

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

10۔ جان ڈالٹن کی اٹامک تھیوری کیا ہے؟ [GUJ-II,ALP,MTN-II,DGK-I]

جواب: ڈالٹن کے مطابق: i۔ ایٹم ناقابل تقسیم سخت اور کثیف پارٹیکل ہے۔

ii۔ یہ کمپاؤنڈ بنانے کے لیے مختلف طریقوں سے ملاپ کرتے ہیں۔

iii۔ کسی ایک ایٹم کے ایلیمنٹ کے تمام ایٹمز ایک جیسے ہوتے ہیں۔

11۔ الیکٹرون کس طرح نیوٹرون سے مختلف ہیں؟ [GUJ-II,ALP,MTN-II,DGK-I]

جواب:

الیکٹرون	نیوٹرون
i۔ الیکٹرون پر منفی چارج ہوتا ہے۔	i۔ نیوٹرون پر کوئی چارج نہیں ہوتا۔
ii۔ الیکٹرون نیوکلیس کے باہر گردش کرتا ہے۔	ii۔ نیوٹرون نیوکلیس میں موجود ہوتا ہے۔

12۔ مثبت شعاعیں کینال ریز کیوں کہلاتی ہیں؟ [GUJ-II,ALP,MTN-II,DGK-I]

جواب: 1886ء میں گولڈ سٹائن نے مشاہدہ کیا کہ مثبت شعاعیں کیتھوڈ کے سوراخوں میں سے گزر گئیں اور انہوں نے ٹیوب کی دیواروں پر چمک پیدا کی۔اس نے ان ریز کو کینال ریز کا نام دیا۔

13۔ نیوٹرون کی خصوصیات لکھیں۔ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب: i۔ نیوٹرون پر کوئی چارج نہیں ہوتا۔اسی لیے یہ نیوٹرل ہوتے ہیں۔

ii۔ یہ پارٹیکلز مادے میں بہت اندر تک سرائیت یا نفوذ پذیر ہوتے ہیں۔

iii۔ ان پارٹیکلز کا ماس پروٹون کے ماس کے تقریباً برابر ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269909 UTS APP 03406042418

14۔ ایٹم کا ماس ظاہر کرنے والے پارٹیکلز کے نام لکھیے۔ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: پروٹون اور نیوٹرون ایسے پارٹیکلز ہیں جو ایٹم کا ماس ظاہر کرتے ہیں۔ اور یہ ایٹم کے نیوکلیس کے اندر ہوتے ہیں۔

رد رفورڈ اٹامک ماڈل اور بوہر اٹامک تھیوری

15۔ رد رفورڈ کے تجربات کے مشاہدات لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

جواب: تقریباً تمام الفا پارٹیکلز سونے کے ورق میں سے بغیر راستہ تبدیل کیے سیدے گزر گئے۔

چند کا جھکاؤ بہت بڑے زاویے پر ہوا اور بہت کم پارٹیکلز سونے کے ورق سے ٹکرا کر واپس آئے۔

16۔ ایٹم کا زیادہ تر ماس کہاں پایا جاتا ہے؟ [LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: ایٹم کا زیادہ تر ماس نیوکلیس میں پایا جاتا ہے۔

17۔ نیوکلی اونز کیا ہیں؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

جواب: الیکٹرونز کے علاوہ باقی تمام بنیادی پارٹیکلز نیوکلیس کے اندر پائے جاتے ہیں اور نیوکلی اونز کہلاتے ہیں۔

18۔ میکس پلانک نے کب اور کیوں نوبل پرائز حاصل کیا؟ [LHR-II,FSD-I,ALP,GUJ-I/II,DGK-II,MTN-I/II,SWL-II]

جواب: میکس پلانک کو کوانٹم تھیوری پر کام کی وجہ سے 1918 میں فزکس میں نوبل پرائز سے نوازا گیا۔

2.2 الیکٹرونک کنفگریشن

19۔ الیکٹرونک کنفگریشن کی تعریف کریں۔ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

جواب: نیوکلیس کے گرد مختلف شیلز اور سب شیلز میں ان کی بڑھتی ہوئی انرجی کے مطابق الیکٹرونز کی تقسیم کو الیکٹرونک کنفگریشن کہتے ہیں۔

20۔ Na اور N کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیں۔ [RWP-II,MTN-II,ALP,RWP-I]

جواب: $Na = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^1$ $N = 1s^2, 2s^2, 2p^3$

downloaded from https://infohubmssp.com/

2.3 "آئسوٹوپس"

21۔ ایک ایلیمنٹ کے آئسوٹوپس کا ماس نمبر مختلف کیوں ہوتا ہے؟ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

جواب: ایک ہی ایلیمنٹ کے آئسوٹوپس کا ماس نمبر اس لیے مختلف ہوتا ہے کیونکہ ان میں نیوٹرونز کی تعداد مختلف ہوتی ہے۔

22۔ آئسوٹوپس کے کیمیائی خواص یکساں ہوتے ہیں لیکن طبعی خواص مختلف ہوتے ہیں کیوں؟ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

جواب: آئسوٹوپس کے کیمیائی خواص یکساں اس لیے ہوتے ہیں کیونکہ ان کے اٹامک نمبر اور الیکٹرونک کنفگریشن ایک جیسی ہوتی ہے۔ لیکن ان کے طبعی خواص اس لیے مختلف ہوتے ہیں کیونکہ ان کے ماس نمبرز مختلف ہوتے ہیں۔

23۔ کلورین کے آئسوٹوپس لکھیں۔ [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

جواب: کلورین کے دو آئسوٹوپس $^{35}_{17}Cl$ اور $^{37}_{17}Cl$ ہیں۔

24۔ یورینیم کے آئسوٹوپس کی وضاحت کریں یا یورینیم کے کتنے آئسوٹوپس ہیں؟ اور اس کا سمبل لکھیں۔ [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

جواب: یورینیم کا سمبل = U

$^{234}_{92}U$ $^{235}_{92}U$ $^{238}_{92}U$

یورینیم $^{238}_{92}U$ کی قدرتی طور پر مقدار 99% ہے۔

25۔ آئسوٹوپس کے چار استعمالات لکھیں۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP 03496042418

جواب: آئسوٹوپس کے استعمالات: i۔ ریڈیوتھراپی (کینسر کا علاج) ii۔ تشخیص اور دوا کے لیے ٹریسر
iii۔ آثارِیاتی اور ارضیاتی استعمال iv۔ پاور جنریشن میں استعمال

26۔ یو-235 کے ٹوٹنے سے کون سے ایلیمنٹ بنتے ہیں؟

جواب: بیریم Ba، کرپٹان K۔

مشقی سوالات کا حل

1. ان میں سے کس کے نتیجے میں پروٹون کی دریافت ہوئی:

(A) کیتھوڈ ریز (B) کینال ریز (C) ایکس ریز (D) الفا ریز

2. ان میں سے کون سے پارٹیکلز مادے میں سب سے زیادہ سرائیت کرنے والے ہیں:

(A) پروٹونز (B) الیکٹرونز (C) نیوٹرونز (D) الفا پارٹیکلز

3. ایٹم کے آربٹ کا تصور کس نے پیش کیا:

(A) جے۔ جے تھامسن (B) رودرفورڈ (C) بوہر (D) پلانکس

4. ان میں سے کون سا شیل تین سب شیلز پر مشتمل ہے:

(A) O شیل (B) N شیل (C) L شیل (D) M شیل

5. کون سا ریڈیو آئسوٹوپ جسم میں ٹیومر کی تشخیص کے لیے استعمال کیا جاتا ہے:

(A) کوبالٹ-60 (B) آیوڈین-131 (C) سٹرونشیم-90 (D) فاسفورس-30

6. جب یورینیم-235 ٹوٹتا ہے تو اس سے پیدا ہوتے ہیں:

(A) الیکٹرونز (B) نیوٹرونز (C) پروٹونز (D) کچھ بھی نہیں

7. p سب شیل مشتمل ہے:

(A) ایک آربٹل پر (B) دو آربٹلز پر (C) تین آربٹلز پر (D) چار آربٹلز پر

8. ڈیوٹیریم ان میں سے کیا بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

(A) لائٹ واٹر (B) ہیوی واٹر (C) سوفٹ واٹر (D) ہارڈ واٹر

9. آئسوٹوپس C-12 کتنی مقدار میں پایا جاتا ہے؟

(A) 96.9% (B) 97.6% (C) 98.9% (D) 99.7%

10. درج ذیل سائنسدانوں میں سے کس نے پروٹون دریافت کیا؟

(A) گولڈسٹائن (B) جے۔ جے تھامسن (C) نیل بوہر (D) رودرفورڈ

downloaded from https://infohubmississod.com/

جوابات

C	5	D	4	C	3	C	2	B	1
A	10	C	9	B	8	C	7	B	6

مختصر سوالات

1. کیتھوڈ ریز پر چارج کی نوعیت کیا ہے؟

جواب: کیتھوڈ ریز پر نیگیٹو چارج ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ الیکٹرک فیلڈ میں ان کا جھکاؤ پوزیٹو پلیٹ کی طرف ہوتا ہے۔

2. کیتھوڈ ریز کے پانچ خواص بیان کریں۔

جواب: کیتھوڈ ریز کی خصوصیات: (i) کیتھوڈ ریز کیتھوڈ کی سطح سے عموداً خط مستقیم میں سفر کرتی ہیں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 ATSAAP 03406042418

(ii) جب کیتھوڈ ریز کے راستے میں کوئی غیر شفاف ٹھوس جسم رکھ دیا جائے تو اس کا سایہ بنتا ہے۔
(iii) کیتھوڈ ریز پر نیگیٹو چارج ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ الیکٹرک فیلڈ میں ان کا جھکاؤ پوزیٹو پلیٹ کی طرف ہوتا ہے۔
(iv) کیتھوڈ ریز جس جسم پر پڑتی ہیں تو اس کا درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے۔
(v) کیتھوڈ ریز ڈسچارج ٹیوب کی دیواروں سے ٹکرا کر روشنی پیدا کرتی ہیں۔

.3 فاسفورس آئن کا اٹامک سمبل $^{31}_{15}P^{-3}$ ہے اس کے:
(a) آئن میں کتنے پروٹونز، الیکٹرونز اور نیوٹرونز ہیں؟
(b) آئن کا نام کیا ہے؟ (c) آئن کی الیکٹرونک کنفگریشن کی ڈایاگرام بنائیے۔
(d) اُس نوبل گیس کا نام بتائیے جس کی الیکٹرونک کنفگریشن فاسفورس جیسی ہو۔

جواب:
(a) $^{31}_{15}P^{-3}$ آئن میں 15 پروٹونز، 18 الیکٹرونز اور 16 نیوٹرونز ہوتے ہیں۔
(b) $^{31}_{15}P^{-3}$ آئن کا نام فاسفائڈ آئن یا فاسفورس آئن ہے۔
(c) $^{31}_{15}P^{-3}$ آئن کی الیکٹرونک کنفگریشن یہ ہے۔ $1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2, 3p^6$
(d) آرگون وہ نوبل گیس ہے جس کی الیکٹرونک کنفگریشن فاسفورس جیسی ہے۔

.4 شیل اور سب شیل میں فرق بیان کریں۔ ہر ایک کی مثال دیں۔

جواب: شیل: (i) نیوکلیئس کے گرد وہ گول راستے جن میں الیکٹرونز گردش کرتے رہتے ہیں انہیں شیلز کہتے ہیں۔ انہیں آربٹس یا انرجی لیولز بھی کہا جاتا ہے۔
(ii) شیلز کو انگریزی حروف K، L، M........ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ انہیں پرنسپل کوانٹم نمبر n سے بھی ظاہر کرتے ہیں۔ n کی قیمت 1، 2، 3...... ہوتی ہے۔
سب شیلز (Sub Shells): (i) ہر شیل چھوٹے سب شیلز پر مشتمل ہوتا ہے نیوکلیئس کے گرد وہ علاقہ جس میں الیکٹرونز کے پائے جانے کے امکانات زیادہ ہوں اسے سب شیل یا آربیٹل کہتے ہیں۔
(ii) انہیں انگریزی کے چھوٹے حروف s، p، d اور f سے ظاہر کرتے ہیں۔ پہلے شیل میں صرف ایک سب شیل ہے اسے s شیل کہتے ہیں دوسرے شیل میں دو سب شیلز s اور p ہوتے ہیں۔ تیسرے شیل میں تین سب شیلز s، p اور d ہوتے ہیں۔ چوتھے شیل میں چار سب شیلز s، p، d اور f ہوتے ہیں۔

.5 ایک ایلیمنٹ کا اٹامک نمبر 15 ہے۔ ایٹم کے K، L اور M شیل میں کتنے کتنے الیکٹرونز موجود ہیں؟

جواب: ایلیمنٹ کا اٹامک نمبر 15 ہے یعنی ایٹم میں 15 الیکٹرونز ہیں۔ اس کی الیکٹرونک کنفگریشن یہ ہے۔

$$1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2, 3p^3$$

یعنی کہ K، L اور M میں درج ذیل الیکٹرونز ہیں۔

K	L	M
2	8	5

downloaded from https://informationbhrmssisodd.com/

.6 Al^{3+} کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیں۔ سب سے بیرونی شیل میں کتنے الیکٹرونز ہیں؟

جواب: Al ایٹم کا اٹامک نمبر 13 ہے اس میں 13 الیکٹرونز ہوتے ہیں۔ Al^{3+} میں 10 الیکٹرونز ہوتے ہیں اس کی الیکٹرونک کنفگریشن یہ ہے۔

$$Al^{3+} = 1s^2, 2s^2, 2p^6 \quad \text{or} \quad K = 2, L = 8$$

سب سے بیرونی شیل میں 8 الیکٹرونز ہیں۔

.7 میگنیشیم کی الیکٹرونک کنفگریشن 2، 8، 2 ہے۔
(a) اس کے سب سے بیرونی شیل میں کتنے الیکٹرونز ہیں؟
(b) اس کے سب سے بیرونی شیل کے کس سب شیل میں کتنے الیکٹرونز موجود ہیں؟
(c) میگنیشیم کیوں الیکٹرون دینے کی صلاحیت رکھتا ہے؟

جواب: میگنیشیم کی الیکٹرونک کنفگریشن 2، 8، 2 ہے۔ اسے یوں بھی لکھا جا سکتا ہے۔ $Mg = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2$
(a) میگنیشیم کے سب سے بیرونی شیل M میں 2 الیکٹرونز ہیں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD Shan https://www.facebook.com/10207917526999 WHATSAPP:03400042418

(b) میگنیشیم کے سب سے بیرونی شیل M کے سب شیل "3s" میں 2 الیکٹرونز ہیں۔

(c) میگنیشیم کے سب سے بیرونی شیل میں 2 الیکٹرونز ہیں۔ وہ یہ 2 الیکٹرونز خارج کر کے Mg^{+2} آئن بناتا ہے۔ اس طرح Mg^{+2} آئن نوبل گیس (نی اون) جیسی الیکٹرونک کنفگریشن حاصل کر کے استحکام پذیر ہو جاتا ہے۔

.8 جب کوئی الیکٹران خارج کرتا ہے یا حاصل کرتا ہے تو اس ایٹم پر چارج کی نوعیت کیا ہوتی ہے؟

جواب: جب کوئی ایٹم الیکٹرونز خارج کرتا ہے تو اس پر پوزیٹو چارج آ جاتا ہے۔ مثلاً جب (Na) ایک الیکٹرون دیتا ہے تو یہ (Na^+) بن جاتا ہے اسی طرح جب کوئی ایٹم الیکٹرون حاصل کرتا ہے تو اس پر نیگیٹو چارج آ جاتا ہے۔ مثلاً جب (Cl) ایک الیکٹرون لیتا ہے تو یہ (Cl^-) بن جاتا ہے۔

.9 235۔یورینیم کس مقصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: U-235 بجلی پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جب U-235 پر سست رفتار نیوٹرونز کی بوچھاڑ کی جاتی ہے تو وہ ٹوٹ کر Sr-90، Ba-139 اور تین نیوٹرونز میں تقسیم ہو جاتا ہے اسے نیوکلیئر فشن کہتے ہیں۔ اس عمل میں توانائی کی بہت بڑی مقدار خارج ہوتی ہے۔ اس توانائی سے بجلی پیدا کی جاتی ہے۔

.10 ایک مریض کو گوئٹر ہے۔ اس کی تشخیص کیسے کریں گے؟

جواب: گوئٹر (Goiter) کی تشخیص آئیوڈین-131 کے ذریعے کی جاتی ہے۔

.11 پوزیٹوریز کی خصوصیات بیان کریں۔

جواب: (a) پوزیٹوریز پر پوزیٹو چارج ہوتا ہے۔ (b) یہ کیتھوڈ ریز کے مخالف سمت خط مستقیم میں سفر کرتی ہیں۔

(c) پوزیٹوریز کا ماس پروٹون یا اس کے سادہ حاصل ضرب کے برابر ہوتا ہے۔

(d) ان کی ماہیت ڈسچارج ٹیوب میں موجود گیس پر منحصر ہوتی ہے۔

(e) الیکٹرک اور میگنیٹک فیلڈ میں ان کا جھکاؤ ظاہر کرتا ہے کہ ان پر پوزیٹو چارج ہے۔

.12 رودرفورڈ کے اٹامک ماڈل کے نقائص کیا ہیں؟

جواب: رودرفورڈ ماڈل کے نقائص: (i) الیکٹرونز پر نیگیٹو چارج ہوتا ہے۔ اس لیے کلاسیکل تھیوری کے مطابق انہیں مسلسل انرجی خارج کرنی چاہیے اور آخر کار ان کو نیوکلیس میں گر جانا چاہیے۔ پس ایٹم کو فنا ہو جانا چاہیے۔

(ii) اگر الیکٹرونز مسلسل انرجی خارج کرتے ہیں تو انہیں روشنی کا مسلسل سپیکٹرم (Spectrum) بنانا چاہیے لیکن اصل میں ایٹم صرف لائن سپیکٹرم ہی بناتا ہے۔

.13 جب تک الیکٹرون ایک آربٹ میں رہتا ہے وہ کوئی توانائی خارج یا جذب نہیں کرتا۔ وہ کب توانائی خارج یا جذب کرتا ہے؟

جواب: جب الیکٹرون ایک آربٹ سے دوسرے آربٹ میں جاتا ہے تو انرجی جذب یا خارج کرتا ہے۔ جب الیکٹرون کم انرجی والے آربٹ سے زیادہ انرجی والے آربٹ میں جاتا ہے تو انرجی جذب کرتا ہے اور جب الیکٹرون زیادہ انرجی والے آربٹ سے کم انرجی والے آربٹ میں جاتا ہے تو انرجی خارج کرتا ہے۔

downloaded from https://...sed.com/

انشائیہ سوالات

☆ بوہر کے اٹامک ماڈل کا ایک مفروضہ یہ ہے کہ متحرک الیکٹرون کا اینگولر مومینٹم کوانٹائزڈ ہوتا ہے۔ اس کا مفہوم واضح کریں اور تیسرے آربٹ کا اینگولر مومینٹم معلوم کریں۔

جواب: بوہر کے مطابق الیکٹرون صرف ان آربٹس میں حرکت کرتا ہے جن کا اینگولر مومینٹم کوانٹائزڈ ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر آربٹ کے اینگولر مومینٹم کی مخصوص ویلیو ہوتی ہے۔ اینگولر مومینٹم کا فارمولا درج ذیل ہے۔

$$mvr = n\frac{h}{2\pi}$$

جب اس مساوات میں n اور h کی ویلیو درج کرتے ہیں تو ہر آربٹ کے لیے اینگولر مومینٹم کی مخصوص ویلیو حاصل ہوتی ہے۔ پس ہر آربٹ کا اینگولر مومینٹم کوانٹائزڈ ہوتا ہے۔ تیسرے آربٹ کے لیے n=3

$$mvr = n\frac{h}{2\pi}$$

$$mvr = \frac{3\times6.63\times10^{-34}}{2\times3.14}$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269900 ITSA +92 3406042418

$= 3.16\times10^{-34}\,kg\,m^2s^{-1}$

☆ Na^+، Mg^{2+} اور Al^{3+} آئن کی الیکٹرونک کنفگریشن بیان کریں۔ کیا ان کے سب سے بیرونی شیل میں الیکٹرونز کی تعداد یکساں ہے؟

جواب: Na^{+1} کی الیکٹرونک کنفگریشن $= 1s^2, 2s^2, 2p^6$

Mg^{+2} کی الیکٹرونک کنفگریشن $= 1s^2, 2s^2, 2p^6$

Al^{+3} کی الیکٹرونک کنفگریشن $= 1s^2, 2s^2, 2p^6$

ان سب آئنز کے بیرونی شیل میں 8,8 الیکٹرونز ہوتے ہیں۔

☆ ریڈیو تھراپی اور میڈیسن کے شعبوں میں آئسوٹوپس کے استعمال بیان کریں۔

جواب: (i) ریڈیو تھراپی (Radio-therapy) یا کینسر کا علاج: کینسر کے علاج کے لیے P-32 اور Sr-90 استعمال ہوتے ہیں۔ کیونکہ ان سے نفوذ کرنے والی (β) ریڈی ایشنز خارج ہوتی ہیں۔ جسم کے اندر کینسر کے علاج کے لیے Co-60 استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ اس سے بہت زیادہ نفوذ کرنے والی گیما (γ) ریڈی ایشنز خارج ہوتی ہیں۔

(ii) تشخیص اور میڈیسن کے لیے ٹریسر (Tracer): انسانی جسم میں ٹیومر (رسولی) کی تشخیص کے لیے ریڈیو آئسوٹوپ (131-آئیوڈین) استعمال کیا جاتا ہے۔ ہڈیوں کی نشوونما کا معائنہ کرنے کے لیے ٹیکنیٹیم استعمال کیا جاتا ہے۔

مثالیں

مثال 2.1: ایسے ایلیمنٹ کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے جس میں گیارہ الیکٹرونز ہوں۔

حل: سب سے پہلے K شیل میں 2 الیکٹرونز، پھر L شیل میں 8 الیکٹرونز اور پھر M شیل میں 1 الیکٹرون جائے گا۔

شیلز کے لحاظ سے الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہے۔



K	L	M
2	8	1

downloaded from https://infohubforum.ssased.com/

سب شیلز کے لحاظ سے الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہے۔

$_{11}Na = 1s^1, 2s^2, 2p^6, 3s^1$

مثال 2.2: (Cl^-) آئن کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے۔



حل: کلورین ایٹم میں 17 الیکٹرونز ہوتے ہیں اور کلورائڈ آئن (Cl^-) میں 18 الیکٹرونز ہوتے ہیں۔

K	L	M
2	8	8

سب شیلز کے لحاظ سے الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہے۔

$(Cl^-) = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2, 3p^6$

مثال 2.3: ایک ایلیمنٹ کے M شیل میں 5 الیکٹرونز موجود ہیں۔ اس کا اٹامک نمبر معلوم کریں۔

حل: M شیل میں 5 الیکٹرونز کا مطلب یہ ہے کہ K اور L شیل مکمل ہیں۔ پس ایلیمنٹ کی الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہوگی۔

K	L	M
2	8	5

سب شیلز کے لحاظ سے الیکٹرونک کنفگریشن درج ذیل ہے۔

Scanned with CamScanner

باب	3	پیریاڈک ٹیبل اور خصوصیات کی پیریاڈیسٹی	معروضی مختصر اور طویل سوالات 2014 - 2021

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1۔ پیریاڈک ٹیبل میں افقی قطاریں کہلاتی ہیں۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II,MTN-II]

(A) گروپ (B) پیریڈ (C) بلاک (D) شیل

2۔ پیریاڈک ٹیبل میں عمودی کو کالم کہلاتے ہیں۔ [LHR-II,MTN-I,DGK-I,FSD-II]

(A) گروپ (B) پیریڈ (C) بلاک (D) قطاریں

3۔ لونگ فارم پیریاڈک ٹیبل میں چوتھا اور پانچواں پیریڈز کہلاتے ہیں۔ [MTN-I,SGD-I,SWL-II,ALP,BWP-I/II]

(A) شارٹ پیریڈز (B) نارمل پیریڈز (C) لانگ پیریڈز (D) وری لانگ پیریڈز

4۔ لانگ فارم پیریڈک ٹیبل میں دوسرا اور تیسرا پیریڈز کہلاتے ہیں۔ [DGK-I/II,SGD-I,BWP-II,MTN-II,FSD-I]

(A) شارٹ پیریڈز (B) نارمل پیریڈز (C) لانگ پیریڈز (D) وری لانگ پیریڈز

5۔ لانگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل میں چھٹا اور ساتواں پیریڈز کہلاتے ہیں؟ [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]

(A) شارٹ پیریڈز (B) نارمل پیریڈز (C) لانگ پیریڈز (D) وری لانگ پیریڈز

6۔ الکلائن میٹلز کا تعلق ہے ______ گروپ سے [DGK-II,ALP,MTN-I]

(A) فرسٹ (B) سیکنڈ (C) تھرڈ (D) فورتھ

7۔ دو کاربن ایٹمز کے نیوکلیائی کا درمیانی فاصلہ ہے؟ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

(A) 155pm (B) 154pm (C) 153pm (D) 152pm

8۔ جب ایٹم میں ایک الیکٹرون جمع کیا جاتا ہے تو انرجی کی جو مقدار خارج ہوتی ہے کہلاتی ہے؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

(A) لیٹس انرجی (B) آئیونائزیشن انرجی (C) الیکٹرونیگیٹیویٹی (D) الیکٹرون افینیٹی

9۔ سب سے زیادہ الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [LHR-II,RWP-II,SGD-I,MTN-I,FSD-II,SWL-II]

(A) فلورین (B) کلورین (C) نائٹروجن (D) آکسیجن

10۔ فلورین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [GUJ-II,FSD-II,DGK-I,MTN-II,BWP-II]

(A) 4.0 (B) 2.1 (C) 2.6 (D) 3.0

11۔ آکسیجن کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [MTN-II,DGK-I/II,ALP,FSD-II]

(A) 3.1 (B) 3.3 (C) 3.2 (D) 3.4

2014 - 2019 (Objective Type)

3.1 پیریاڈک ٹیبل

12۔ ٹرائی ایڈز کا تصور پیش کیا۔ [GUJ-I,SGD-II]

(A) ڈوبرائنر (B) نیولینڈ (C) مینڈلیف (D) موزلے

downloaded from https://infohubpermissiesed.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/10207917520999... WHATSAPP 03..6042418

13۔ اٹامک نمبر کس نے دریافت کیا؟ [GUJ-I,SGD-II,MTN-II,ALP,RWP-I/II,DGK-II]

(A) ڈالٹن (B) ردرفورڈ (C) بوائل (D) موزلے

14۔ پیریاڈک ٹیبل میں پیریڈز کی تعداد ہے؟ [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

(A) 2 (B) 4 (C) 7 (D) 8

15۔ پیریاڈک ٹیبل میں گروپس کی تعداد ہے؟ [SGD-I/II,GUJ-II,MTN-I,ALP,DGK-I,SWL-II]

(A) 12 (B) 18 (C) 16 (D) 20

16۔ ایچ موزے نے اٹامک نمبر دریافت کیا؟ [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

(A) 1890 (B) 1900 (C) 1913 (D) 1920

17۔ پانچویں پیریڈز میں کتنے ایلیمنٹس ہیں؟ [MTN-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

(A) 8 (B) 18 (C) 26 (D) 32

18۔ لاء آف آکٹیوز کس نے پیش کیا؟ [LHR-II,GUJ-I,FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-I/II]

(A) ڈوبرائنر (B) موزلے (C) نیولینڈ (D) مینڈلیف

19۔ تیسرے پیریڈز میں ایلیمنٹس کی تعداد ہے؟ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

20۔ پیریاڈک ٹیبل میں وری لانگ پیریڈ ہے؟ [DGK-II,MTN-I,SGD-I/II,BWP-I]

(A) 5th پیریڈ (B) 6th پیریڈ (C) 3rd پیریڈ (D) 4th پیریڈ

21۔ پیریاڈک ٹیبل ______ سب سے شارٹ پیریڈ ہے: [BWP-II,MTN-I,SWL-II,ALP,DGK-I]

(A) چوتھا پیریڈ (B) تیسرا پیریڈ (C) دوسرا پیریڈ (D) پہلا پیریڈ

22۔ کونسا ایلیمنٹ نارمل پیریڈ میں شامل نہیں ہے؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

(A) بورون (B) ہیلیم (C) کاربن (D) نائٹروجن

23۔ پیریاڈک ٹیبل کا نامکمل پیریڈ ہے؟ [LHR-II,FSD-II,RWP-II,ALP,RUJ-II,SWL-I]

(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) ساتواں

24۔ چوتھے پیریڈ میں ایلیمنٹس کی تعداد ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,MTN-II,SWL-I]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

25۔ چھٹے پیریڈ میں ایلیمنٹس کی تعداد ہے؟ [MTN-I,GUJ-I,FSD-II,ALP,SWL-I/II]

(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

26۔ ان میں سے نوبل گیس نہیں ہے؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

(A) ہیلیم (B) ہائیڈروجن (C) نی اون (D) ارگان

27۔ الکلی میٹلز ______ گروپ سے تعلق رکھتی ہیں۔ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

(A) فرسٹ (B) سیکنڈ (C) تھرڈ (D) فورتھ

28۔ پیریاڈک ٹیبل کے کس گروپ کو نوبل گیس گروپ بھی کہتے ہیں۔ [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

(A) گروپ 15 (B) گروپ 16 (C) گروپ 17 (D) گروپ 18

29۔ جدید پیریاڈک ٹیبل میں بلاکس کی تعداد ہے۔ [GUJ-I,FSD-II,DGK-II,RWP-I]

(A) 2 (B) 3 (C) 5 (D) 4

downloaded from https://infohubrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/10207917526999... WHATSAPP: 03...42418

3.2 خصوصیات کی پیریاڈیسٹی

30- سوڈیم کا اٹامک نمبر ہے: [RWP-I,GUJ-I,ALP,MTN-I,SGD-II]

(A) 55 (B) 65 (C) 75 (D) 85

31- ان میں سے سب سے کم اٹامک سائز ہے؟ [MTN-II,DGK-I,SWL-II]

(A) فلورین (B) کلورین (C) آئیوڈین (D) برومین

32- کاربن کا اٹامک ریڈیس ہے۔ [FSD-II,SGD-I,GUJ-I,BWP-II,SWL-I]

(A) 154pm (B) 115pm (C) 77pm (D) 138pm

شیلڈنگ ایفیکٹ

33- ______ شیلڈنگ ایفیکٹ کی ویلیو سب سے کم ہے۔ [SGD-II,MTN-I,ALP,DGK-I]

(A) لیتھیم (B) سوڈیم (C) پوٹاشیم (D) روبیڈیم

34- مندرجہ ذیل میں پیریڈ میں تبدیل نہیں ہوتا: [SGD-II,FSD-II,MTN-I,DGK-I]

(A) اٹامک ریڈیس (B) شیلڈنگ ایفیکٹ (C) آئیونائزیشن انرجی (D) الیکٹرون افینٹی

آئیونائزیشن انرجی

35- سوڈیم کی آئیونائزیشن انرجی ہے؟ [LHR-II,MTN-I,ALP,DGK-II]

(A) $-377 kJmol^{-1}$ (B) $-403 kJmol^{-1}$ (C) $+419 kJmol^{-1}$ (D) $+496 kJmol^{-1}$

36- آئیونائزیشن انرجی پیریڈ میں بڑھتی ہے کیونکہ [LHR-II,GUJ-I,ALP,SGD-II,MTN-II,RWP-I]

(A) شیلز کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے۔ (B) شیلز کی تعداد میں کمی ہوتی ہے۔

(C) الیکٹرونز کی تعداد میں کمی ہوتی ہے۔

(D) نیوکلیئس اور بیرونی شیل میں موجود الیکٹرونز کی اٹریکشن بڑھتی ہے۔

downloaded from https://infohubbrmssized.com/

الیکٹرون افینٹی

37- فلورین کی الیکٹرون افینٹی ہے؟ [SWL-II,FSD-I,GUJ-II,BWP-II,MTN-I]

(A) $-328 kJmol^{-1}$ (B) $-325 kJmol^{-1}$ (C) $-326 kJmol^{-1}$ (D) $-324 kJmol^{-1}$

38- سب سے کم الیکٹرون افینٹی ہے؟ [BWP-II,MTN-I,FSD-II,SWL-I]

(A) فلورین (B) کلورین (C) برومین (D) آئیوڈین

الیکٹرونیگیٹیویٹی

39- ہائیڈروجن اور کلورین کے درمیان میں الیکٹرونیگیٹیویٹی کا فرق ہے؟ [BWP-II,MTN-I,ALP,GUJ-II]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

40- کاربن کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [GUJ-I,SGD-II]

(A) 2.0 (B) 2.1 (C) 2.6 (D) 4.0

41- نائٹروجن کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

(A) 2.0 (B) 2.6 (C) 3.0 (D) 3.4

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269998 03406042418

42۔ کسی ہیلوجن کی سب سے کم الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے؟ [SGD-I/II,GUJ-II,MTN-I,ALP,DGK-I,SWL-II]

(A) آیوڈین (B) برومین (C) کلورین (D) فلورین

43۔ کس ایلیمنٹ کی الیکٹرونیگیٹیویٹی سب سے کم ہے؟ [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

(A) لیتھیم (B) بریلیم (C) بورون (D) فلورین

44۔ کلورین (Cl) کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ہے: [MTN-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

(A) 4.0 (B) 3.0 (C) 3.5 (D) 2.7

جوابات:

1	B	2	A	3	C	4	B	5	D	6	B	7	B	8	D	9	A	10	A
11	D	12	A	13	D	14	C	15	B	16	C	17	B	18	C	19	B	20	B
21	D	22	B	23	D	24	C	25	D	26	B	27	A	28	D	29	D	30	A
31	A	32	C	33	A	34	B	35	D	36	D	37	A	38	D	39	A	40	C
41	C	42	A	43	A	44	B												

ALP Annual Papers 2021
Short Questions

1۔ نیولینڈ کا آکٹیوز لاء بیان کریں۔ [LHR-II,GUJ-I,FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-I/II]

جواب: 1864ء میں برطانیہ کے کیمیادان نیولینڈ نے آکٹیوز لاء کی صورت میں اپنے مشاہدات پیش کیے۔ اس نے بتایا کہ ''اگر ایلیمنٹس کو ان کے بڑھتے ہوئے اٹامک ماس کے حساب سے ترتیب دیا جائے تو آکٹیو کے آٹھویں ایلیمنٹ کی کیمیائی خصوصیات اس آکٹیو کے پہلے ایلیمنٹ کے ساتھ ملتی ہیں''۔ اس نے ان کا موازنہ موسیقی کے سروں سے کیا۔

2۔ پیریاڈک ٹیبل کی تعریف کریں۔ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

جواب: روس کے کیمیادان مینڈلیف نے اس وقت تک کے معلوم شدہ صرف 63 ایلیمنٹس کو افقی قطاروں میں بڑھتے ہوئے اٹامک ماسز کی بنیاد پر ایلیمنٹس کو ترتیب دیا۔ ایلیمنٹس کی اس ترتیب کو پیریاڈک ٹیبل کا نام دیا گیا۔

3۔ مینڈلیف کے پیریاڈک ٹیبل کے نقائص تحریر کیجیے۔ [DGK-II,MTN-I,SGD-I/II,BWP-I]

جواب: i۔ مینڈلیف کے پیریاڈک ٹیبل کی بنیاد ایلیمنٹس کے اٹامک ماس ہیں۔ جو کہ ایلیمنٹس کی بنیادی خصوصیت نہیں ہے۔

ii۔ یہ بعض ایلیمنٹس کی اٹامک ماسز کی غلط ترتیب کی وجہ نہیں بتاتا ہے۔

4۔ پہلے پیریڈ میں کتنے ایلیمنٹس پائے جاتے ہیں؟ ان کے نام لکھیں۔ [BWP-II,MTN-I,SWL-II,ALP,DGK-I]

جواب: پیریاڈک ٹیبل کے پہلے پیریڈ میں دو ایلیمنٹس پائے جاتے ہیں جن کے نام ہائیڈروجن (H) اور ہیلیئم (He) ہیں۔

5۔ شارٹ اور لانگ پیریڈز میں کیا فرق ہے؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

جواب:

شارٹ پیریڈ	لانگ پیریڈ
پیریاڈک ٹیبل کا پہلا پیریڈ شارٹ پیریڈ کہلاتا ہے۔	پیریاڈک ٹیبل میں چوتھا اور پانچواں پیریڈ لانگ پیریڈ کہلاتے ہیں۔
اس میں صرف دو ایلیمنٹس ہائیڈروجن اور ہیلیم ہیں۔	دونوں پیریڈز میں بالترتیب اٹھارہ، اٹھارہ ایلیمنٹس شامل ہیں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269909 WHATSAPP:03406042418

6۔ اٹامک ریڈیس پیریڈ میں کیوں کم ہوتا ہے؟ [LHR-II,FSD-II,RWP-II,ALP,RUJ-II,SWL-I]

جواب: **اٹامک ریڈیس کا پیریڈ میں رجحان:** پیریڈ میں (بائیں) سے دائیں سے بائیں جانب اٹامک سائز بتدریج کم ہوتا ہے کیونکہ اٹامک نمبر بڑھنے سے موثر نیوکلیئر چارج بڑھتا ہے اور الیکٹرون کا اندراج پہلے سے ویلنس شیل میں ہی ہوتا ہے۔

7۔ **شیلڈنگ افیکٹ کا گروپ میں رجحان بتائیں۔** [LHR-II,GUJ-II,MTN-II,SWL-I]

جواب: جب ہم گروپ میں اوپر سے نیچے کی جانب جاتے ہیں تو شیلڈنگ افیکٹ بڑھتا ہے۔ کیونکہ اٹامک نمبر میں اضافہ کے ساتھ شیلز کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا ہے جس سے نیوکلیس اور ویلنس الیکٹرونز کی اٹریکشن کم ہو جاتی ہے۔ مثلاً پوٹاشیم (Z=19) میں سوڈیم (Z=11) کی نسبت ویلنس شیلڈنگ افیکٹ زیادہ ہے۔ اس لیے پوٹاشیم میں سے الیکٹرون نکالنا آسان ہے۔

8۔ **فلورین اور آئیوڈین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی کیا ہے؟**

جواب: فلورین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی 4 جبکہ آئیوڈین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی 2.5 ہوتی ہے۔

9۔ **الیکٹرون افینیٹی گروپ میں کیوں کم ہوتی ہے؟** [MTN-I,GUJ-I,FSD-II,ALP,SWL-I/II]

جواب: الیکٹرون افینیٹی گروپ میں اوپر سے نیچے کی طرف کم ہوتی ہے کیونکہ اٹامک سائز بڑھتا ہے۔ شیلڈنگ افیکٹ میں اضافہ ہوتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیس کی کشش کی طاقت کم ہو جاتی ہے۔

10۔ **گروپ میں الیکٹرونیگیٹیویٹی کا رجحان بتائیں؟** [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: گروپ میں اوپر سے نیچے کی جانب الیکٹرونیگیٹیویٹی کم ہوتی ہے کیونکہ اٹامک سائز بڑھتا ہے۔ شیلڈنگ افیکٹ بڑھتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیس کی کشش کی طاقت کم ہو جاتی ہے۔

2014 - 2019 (Short Questions)

3.1 پیریاڈک ٹیبل

downloaded from https://infohubhrmssessed.com

11۔ **ڈوبرائنر کے ٹرائی ایڈز کی وضاحت کریں۔** [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: ایک جرمن کیمیادان ڈوبرائنر نے تین تین ایلیمنٹس جنہیں ٹرائی ایڈز کہتے ہیں پر مشتمل چند گروپس کے اٹامک ماسز کے درمیان تعلق کا مشاہدہ کیا۔ ان گروپس میں سے مرکزی یا درمیانی ایلیمنٹ باقی دو ایلیمنٹس کا اوسط اٹامک ماس رکھتا تھا۔
مثال کے طور پر ٹرائی ایڈ کا ایک گروپ کیلشیم سٹرونشیم اور بیریم ہے۔ سٹرونشیم کا اٹامک ماس کیلشیم اور بیریم کے اٹامک ماسز کے اوسط کے برابر ہے۔

12۔ **مینڈلیف کے پیریاڈک لاء اور جدید پیریاڈک لاء میں کیا فرق ہے؟** [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

جواب: **مینڈلیف پیریاڈک لاء:** ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک ماسز کے پیریاڈک فنکشنز ہیں۔
جدید پیریاڈک لاء: ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک نمبرز کا پیریاڈک فنکشنز ہیں۔

13۔ **پیریاڈک فنکشنز سے کیا مراد ہے؟** [GUJ-I,FSD-II,DGK-II,RWP-I]

جواب: "وہ خصوصیات جو خاص وقفوں کے بعد دہرائی جاتی ہیں۔ پیریاڈک فنکشنز کہلاتی ہیں۔ مثلاً ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک نمبرز کا پیریاڈک فنکشنز ہیں۔

14۔ **لانگ فارم پیریاڈک ٹیبل کی کوئی سی دو خصوصیات لکھیں۔** [RWP-I,GUJ-I,ALP,MTN-I,SGD-II]

جواب: پیریڈ کے ایلیمنٹس مختلف خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔ گروپ کے ایلیمنٹس ایک جیسی کیمیائی خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔

15۔ **وجہ بتائیے گروپ 13 تا 18 کے عناصر کو P-بلاک اور گروپ I اور گروپ II کے عناصر کو s-بلاک عناصر کہا جاتا ہے؟**

جواب: **p-بلاک عناصر:** گروپ 13 تا 18 کے عناصر کے ویلنس الیکٹرونز p سب شیلز میں پائے جاتے ہیں اس لیے ان کو P-بلاک عناصر کہتے ہیں۔
s-بلاک عناصر: گروپ I اور گروپ II کے عناصر کو s-بلاک عناصر اس لیے کہتے ہیں کیونکہ ان کے ویلنس الیکٹرونز s سب شیلز میں پائے جاتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269900 WHATSAPP 03406042418

16۔ پیریاڈک ٹیبل میں کتنے بلاکس ہیں؟ان کے نام لکھیں۔ [MTN-II,DGK-I,SWL-II]

جواب: پیریاڈک ٹیبل میں کل چار بلاکس ہیں جن کے نام الیکٹرونز سے مکمل ہونے کے مراحل میں موجود سب شیلز کے نام کی بنیاد پر رکھتے گئے ہیں۔اور ان کے نام d,p,s اور f بلاکس ہیں۔

17۔ ٹرانزیشن ایلیمنٹس کیا ہیں؟ [FSD-II,SGD-I,GUJ-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: گروپ نمبر تین سے گروپ بارہ تک کے ایلیمنٹس ٹرانزیشن ایلیمنٹس کہلاتے ہیں۔ان ایلیمنٹس میں d سب شیل مکمل ہونے کے مراحل میں ہوتا ہے۔

18۔ لینتھانائیڈز اور ایکٹانائیڈز سے کیا مراد ہے؟ [SGD-II,MTN-I,ALP,DGK-I]

جواب: لینتھنائیڈ سیریز:

لینتھنائیڈ سیریز لینتھینم ($_{57}$La) سے شروع ہوتی ہے۔جس کا اٹامک نمبر 57 ہے۔اس لیے ان کو لینتھنائیڈز بھی کہا جاتا ہے۔

ایکٹانائیڈز سیریز:

ایکٹنائیڈز سیریز ایکٹینم ($_{89}$Ac) سے شروع ہوتی ہے۔جس کا اٹامک نمبر 89 ہے۔اس لیے ان کو ایکٹنائیڈز بھی کہا جاتا ہے۔

19۔ پہلے اور دوسرے گروپس کے ایلیمنٹس کے نام لکھیں۔ [SGD-II,FSD-II,MTN-I,DGK-I]

جواب: پہلے گروپ کے ایلیمنٹس کے نام:

ہائیڈروجن(H)۔ ہیلیئم(He)۔ لیتھیم(Li) سوڈیم(Na)۔ پوٹاشیم(k)۔ روبیڈیم (Rb)۔

دوسرے گروپ کے ایلیمنٹس کے نام: بیریلیم(Be)۔ میگنیشیم(Mg)۔ کیلسیم(Ca)۔ سٹرانشیم(Sr)۔ بیریم(Ba)۔ فرانشیم(Fr)۔

20۔ گروپ 17 کے کسی چار ایلیمنٹس کے نام لکھیں۔ [LHR-II,MTN-I,ALP,DGK-II]

جواب: فلورین(F) ۔ کلورین(Cl)

برومین(Br) ۔ آیوڈین(I)۔

21۔ نوبل گیسز سے کیا مراد ہے؟ان کے نام لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-I,ALP,SGD-II,MTN-II,RWP-I]

جواب: پیریاڈک ٹیبل کے گروپ 18 کے ایلیمنٹس نوبل گیسز کہلاتی ہیں۔ان کے بیرونی شیل مکمل ہوتے ہیں اور وہ کسی دوسرے ایلیمنٹس سے ریکٹ نہیں کرتے۔

نوبل گیسز کے نام: ہیلیئم(He)، نی اون(Ne)، آرگن(A) اور کرپٹان(Kr)۔

3.2 پیریاڈیسٹی کی خصوصیات

اٹامک ریڈیس / اٹامک سائز:

22۔ اٹامک ریڈیس کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [BWP-II,MTN-I,FSD-II,SWL-I]

جواب: دو جڑے ہوئے ایٹمز کے نیوکلیائی کے درمیان فاصلے کے نصف کو اس ایٹم کا اٹامک ریڈیس کہا جاتا ہے“

مثال: کاربن کے دو ایٹمز کے نیوکلیائی کے درمیان 154pm پیکومیٹر فاصلہ ہوتا ہے پس کاربن کا اٹامک ریڈیس 77pm ہے۔

23۔ اٹامک ریڈیس گروپ میں کیوں بڑھتا ہے؟ [BWP-II,MTN-I,ALP,GUJ-II]

جواب: اٹامک ریڈیس کا گروپ میں رُجحان:

ایک ہی گروپ میں ایٹم کا سائز یا ریڈیس اوپر سے نیچے بتدریج بڑھتا ہے۔اس کی وجہ نچلے یا اگلے ایلیمنٹ میں الیکٹرونز کے نئے شیل میں اضافہ ہوتا ہے۔جس کی وجہ سے موثر نیوکلیئر چارج میں کمی ہوتی ہے۔

downloaded from https://infohubpakistan.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/10207917526999061 WHATSAPP:03406042418

شیلڈنگ افیکٹ

-24 شیلڈنگ افیکٹ کی تعریف کریں اور پیریڈ میں اس کا رجحان بتائیں۔ [SWL-II,FSD-I,GUJ-II,BWP-II,MTN-I]

جواب: شیلڈنگ افیکٹ:

اندرونی شیلز میں موجود الیکٹرونز اور ویلنس شیل کے الیکٹرونز نیوکلیس کی اٹریکشن (کشش) کی قوت کو کم کرتے ہیں۔ یہ شیلڈنگ افیکٹ کہلاتا ہے۔

پیریڈ میں شیلڈنگ افیکٹ کا رجحان: پیریڈ میں بائیں سے دائیں جانب شیلڈنگ افیکٹ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

-25 موثر نیوکلیئر چارج کی تعریف کریں۔ [MTN-II,DGK-I,ALP,SGD-I]

جواب: اندرونی شیلز میں موجود الیکٹرونز کی وجہ سے نیوکلیس کی ویلنس الیکٹرونز پر اٹریکشن کم ہو جاتی ہے۔ اس کے نتیجے میں بیرونی الیکٹرونز اصل نیوکلیئر چارج سے کم نیوکلیئر چارج محسوس کرتے ہیں جسے موثر نیوکلیئر چارج کہتے ہیں۔

آئیونائزیشن انرجی

-26 آئیونائزیشن انرجی کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [RWP-II,SGD-II]

جواب: کسی گیسی حالت میں آزاد ایٹم کے ویلنس شیل میں سے سب سے کم اٹریکشن والے الیکٹرون کو خارج کرنے کے لیے درکار انرجی آئیونائزیشن انرجی کہلاتی ہے۔ مثال کے طور پر سوڈیم کی پہلی آئیونائزیشن $+496\,kJmol^{-1}$ ہے۔

$$Na \rightarrow Na^{+} + e^{-} \quad \Delta H = +496\,kJmol^{-1}$$

-27 پہلی آئیونائزیشن انرجی اور دوسری آئیونائزیشن انرجی کی تعریف کریں۔ [SGD-I,MTN-II,FSD-I/II,BWP-II]

جواب: فرسٹ آئیونائزیشن انرجی:

اگر ویلنس شیل میں صرف ایک الیکٹرون موجود ہو تو اس کو خارج کرنے کے لیے درکار انرجی پہلی آئیونائزیشن انرجی کہلاتی ہے۔ مثال کے طور پر سوڈیم کی پہلی آئیونائزیشن انرجی $+1443\,kJmol^{-1}$ ہے۔

سیکنڈ آئیونائزیشن انرجی: ویلنس شیل سے ایک الیکٹرون کے اخراج کے بعد دوسرے الیکٹرون کو نکالنے کے لیے درکار انرجی سیکنڈ آئیونائزیشن انرجی کہلاتی ہے۔

$$Mg^{+} \rightarrow Mg^{2+} + 1e \qquad \Delta H = +1443\,KJ\,mol^{-1}$$

downloaded from https://informationhubhrmssissued.com/

-28 آئیونائزیشن انرجی کا گروپ میں رجحان بتائیں۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,ALP,BWP-II]

جواب: آئیونائزیشن انرجی کا گروپ میں رجحان:

آئیونائزیشن انرجی گروپ میں اوپر سے نیچے کی طرف کم ہوتی ہے۔ کیونکہ اٹامک سائز بڑھتا ہے۔ شیلڈنگ افیکٹ میں اضافہ ہوتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیس کی کشش کی طاقت کم ہو جاتی ہے۔

الیکٹرون افینٹی

-29 الیکٹرون افینٹی کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [GUJ-II,RWP-I,FSD-I,MTN-II,SWL-I]

جواب: کسی ایلیمنٹ کے آزاد گیسی ایٹم کے ویلنس شیل میں ایک الیکٹرون داخل ہونے کے سبب خارج ہونے والی انرجی کو الیکٹرون افینٹی کہتے ہیں مثال کے طور پر فلورین کی الیکٹرون افینٹی $-328\,kJmol^{-1}$ ہے۔

$$F + e^{-} \rightarrow F^{-} \quad \Delta H = -328\,kJmol^{-1}$$

-30 الیکٹرون افینٹی کا پیریڈ میں رجحان بتائیں۔ [LHR-I,RWP-II,DGK-I,SWL-I/II]

جواب: الیکٹرون افینٹی کا پیریڈ میں رجحان: جب ہم پیریڈ میں بائیں سے دائیں جانب جاتے ہیں تو الیکٹرون افینٹی بڑھتی ہے۔ کیونکہ اٹامک سائز کم ہوتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیس کی کشش کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP:03406042418

الیکٹرونیگیوٹی

31۔ الیکٹرونیگیوٹی کی تعریف کریں اور پیریڈ میں اس کا رجحان بتائیں۔ [FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-II]

جواب: **الیکٹرونیگیوٹی:**

کسی ایٹم کا مالیکیول میں موجود اشتراک شدہ الیکٹرون کو اپنی طرف کھینچنے کی صلاحیت کو الیکٹرونیگیوٹی کہتے ہیں۔

پیریڈ میں رجحان:

جب ہم پیریڈ میں بائیں سے دائیں جانب جاتے ہیں تو الیکٹرونیگیوٹی بڑھتی ہے کیونکہ اٹامک سائز کم ہوتا ہے اور بیرونی الیکٹرونز پر نیوکلیئس کی کشش کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔

مشقی سوالات کا حل

1. پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کا اٹامک ریڈیس:
(A) پیریڈ میں بائیں سے دائیں بڑھتا ہے (B) گروپ میں اوپر سے نیچے بڑھتا ہے
(C) گروپ میں اوپر سے نیچے کم ہوتا ہے (D) پیریڈ میں بائیں سے دائیں تبدیل نہیں ہوتا

2. جب ایٹم میں ایک الیکٹرون جمع کیا جاتا ہے تو انرجی کی جو مقدار خارج ہوتی ہے، کہلاتی ہے:
(A) لیٹس انرجی (B) آئیونائزیشن انرجی (C) الیکٹرونیگیوٹی (D) الیکٹرون افنیٹی

3. مینڈلیف کے اصل پیریاڈک ٹیبل کی بنیاد تھی:
(A) الیکٹرونک کنفگریشن (B) اٹامک ماس (C) اٹامک نمبر (D) سب شیل کا مکمل ہونا

4. لونگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل کی بنیاد ہے:
(A) مینڈلیف کا اصول (B) اٹامک نمبر (C) اٹامک ماس (D) ماس نمبر

5. لونگ فارم پیریاڈک ٹیبل کی موجودہ شکل میں چوتھا اور پانچواں پیریڈ کہلاتے ہیں:
(A) شارٹ پیریڈز (B) نارمل پیریڈز (C) لونگ پیریڈز (D) ویری لونگ پیریڈز

6. مندرجہ ذیل میں سے کس ہیلوجن کی الیکٹرونیگیوٹی سب سے کم ہے:
(A) فلورین (B) کلورین (C) برومین (D) آئیوڈین

7. ایک پیریڈ میں ان میں سے کون سی چیز کم ہوتی ہے؟
(A) اٹامک ریڈیس (B) آئیونائزیشن انرجی (C) الیکٹرون افنیٹی (D) الیکٹرونیگیوٹی

8. ٹرانزیشن ایلیمنٹس ہوتے ہیں:
(A) تمام گیسز (B) تمام میٹلز (C) تمام نان میٹلز (D) تمام میٹلائڈز

9. آئیونائزیشن انرجی کے متعلق غلط بیان کی نشاندہی کریں:
(A) اس کی پیمائش $kJ\ mol^{-1}$ میں کی جاتی ہے (B) یہ انرجی کا جذب ہونا ہے
(C) یہ پیریڈ میں بتدریج کم ہوتی ہے (D) یہ گروپ میں بتدریج کم ہوتی ہے

10. الیکٹرون افنیٹی کے متعلق غلط بیان کی نشاندہی کریں:
(A) اس کی پیمائش $kJ\ mol^{-1}$ میں کی جاتی ہے (B) اس میں انرجی کا اخراج ہوتا ہے
(C) یہ پیریڈز میں بتدریج کم ہوتی ہے (D) یہ گروپ میں بتدریج کم ہوتی ہے

downloaded from https://infohubhrisissed.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269991 WHATSAPP: …042418

downloaded from https://mlnfohub.mssissed.com/

جوابات

C	5	B	4	B	3	D	2	B	1
C	10	C	9	B	8	A	7	D	6

مختصر سوالات

.1 نوبل گیسز کیوں ری ایکٹو نہیں ہوتیں؟

جواب: نوبل گیسز ری ایکٹو نہیں ہوتیں کیونکہ اِن کے بیرونی شیلز مکمل ہوتے ہیں اور یہ مزید الیکٹرون جذب یا خارج کرنا نہیں چاہتیں۔

.2 سیزیم Cs کو اپنے ویلنس شیل میں سے 1 الیکٹرون خارج کرنے کے لیے کیوں بہت تھوڑی انرجی کی ضرورت ہوتی ہے؟

جواب: سیزیم (Cs) کا اٹامک سائز بڑا ہے۔اس لیے اس کا ویلنس الیکٹرون نیوکلیئس سے بہت دور ہوتا ہے۔پس نیوکلیئس اور ویلنس الیکٹرون میں اٹریکشن بہت کم ہوتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ سیزیم کو الیکٹرون خارج کرنے کے لیے بہت تھوڑی انرجی کی ضرورت ہوتی ہے۔

.3 خصوصیات کی پیریاڈیسٹی کسی ایٹم میں موجود پروٹونز کی تعداد پر کیسے منحصر ہے؟

جواب: پروٹونز کی تعداد کی وجہ سے نیوکلیئر چارج تبدیل ہوتا ہے کسی پیریڈ میں نیوکلیئر چارج بڑھنے سے سائز کم ہوتا ہے اور خصوصیات میں تبدیلی آتی ہے۔ اسی طرح گروپ میں موثر نیوکلیئر چارج میں کمی ہوتی ہے اس سے بھی خصوصیات تبدیل ہوتی ہیں۔

.4 الیکٹرون کا شیلڈنگ ایفیکٹ، کیٹائن (cation) کے بننے کے عمل کو کیوں آسان بناتا ہے؟

جواب: جب ایٹم میں شیلڈنگ ایفیکٹ بڑھتا ہے تو Z ایفیکٹ کم ہوتا ہے۔اس سے نیوکلیئس اور ویلنس الیکٹرونز کے درمیان اٹریکشن کم ہو جاتی ہے۔ اس طرح ایٹم سے الیکٹرون آسانی سے نکالا جا سکتا ہے پس کیٹائن (پوزیٹو آئن) کے بننے کا عمل آسان ہو جاتا ہے۔

.5 مینڈلیف کے پیریاڈک لاء اور جدید پیریاڈک لاء میں کیا فرق ہے؟

جواب: **مینڈلیف کا پیریاڈک لاء:** ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک ماسز کا پیریاڈک فنکشنز ہیں۔

جدید پیریاڈک لاء: ایلیمنٹس کی خصوصیات ان کے اٹامک نمبرز کا پیریاڈک فنکشنز ہیں۔

.6 پیریاڈک ٹیبل میں گروپس اور پیریڈز سے کیا مراد ہے؟

جواب: **پیریڈز:** پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کی افقی قطاروں کو پیریڈز کہتے ہیں۔پیریاڈک ٹیبل میں کل سات پیریڈز ہیں۔

گروپس: پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کے عمودی کالمز کو گروپس کہتے ہیں۔پیریاڈک ٹیبل میں کل اٹھارہ گروپس ہیں۔

.7 ایلیمنٹس کو چوتھے پیریڈ میں کیوں اور کیسے ترتیب دیا گیا؟

جواب: چوتھے پیریڈ میں کل اٹھارہ ایلیمنٹس ہیں ان میں سے دو ایلیمنٹس 's' بلاک، 10 ایلیمنٹس 'd' بلاک اور 6 ایلیمنٹس 'p' بلاک سے تعلق رکھتے ہیں۔ چوتھے پیریڈ کے ہر ایلیمنٹ میں چار شیلز (K,L,M,N) ہوتے ہیں۔اس لیے اِن کو چوتھے پیریڈ میں رکھا گیا ہے۔

.8 ایک پیریڈ میں ایٹم کا سائز باقاعدگی سے کم کیوں نہیں ہوتا؟

جواب: پیریڈ میں بائیں سے دائیں اٹامک نمبر ایک ایک کرکے بڑھتا رہتا ہے اور ویلنس شیل تکمیل کے مراحل میں ہوتا ہے۔اس لیے ویلنس الیکٹرونز اور نیوکلیئس کے درمیان اٹریکشن بے قاعدہ ہو جاتی ہے۔یہ وجہ ہے کہ پیریڈ میں اٹامک سائز کا رجحان بے قاعدہ ہو جاتا ہے۔

.9 پیریڈ میں آئیونائزیشن انرجی کا رجحان کیا ہے؟

جواب: **پیریڈ میں آئیونائزیشن انرجی:** کسی پیریڈ میں بائیں سے دائیں آئیونائزیشن انرجی بڑھتی ہے۔

Scanned with CamScanner

انشائیہ سوالات

☆ لونگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل کی اہم خصوصیات لکھیں۔

جواب: (i) یہ ٹیبل سات افقی قطاروں پر مشتمل ہے جو پیریڈز کہلاتی ہیں۔

(ii) پہلا پیریڈ صرف دو ایلیمنٹس پر مشتمل ہے۔ دوسرا اور تیسرا پیریڈ آٹھ آٹھ ایلیمنٹس پر مشتمل ہے۔ چوتھا اور پانچواں پیریڈ اٹھارہ اٹھارہ ایلیمنٹس پر مشتمل ہے۔ چھٹے پیریڈ میں بتیس (32) جبکہ ساتویں پیریڈ میں بھی بتیس (32) ایلیمنٹس موجود ہیں۔

(iii) ہر پیریڈ کے ایلیمنٹس مختلف خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔

5۔ براس کس کا ٹھوس سلوشن ہے؟ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

(A) کاپر+زنک (B) کاپر+نکل (C) کاپر+آئرن (D) کاپر+سوڈیم

6۔ سب سے زیادہ ری ایکٹیو نان میٹل ہے؟ [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]

(A) فلورین (B) کلورین (C) برومین (D) آیوڈین

7۔ برومین کی الیکٹرونیگیٹیویٹی ویلیو ہے؟ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

(A) 4.0 (B) 3.2 (C) 3.0 (D) 2.7

8۔ ہیلوجنز بیرونی شیل میں الیکٹرونز کی تعداد ہے: [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

(A) 6 (B) 7 (C) 11 (D) 17

9۔ فضا میں نائٹروجن کی مقدار ______ ہے۔ [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

(A) 78% (B) 77% (C) 76% (D) 80%

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

2013-2014-2015-2016-2017-2018-2019
Objective Type

8.1 میٹلز

10۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ایلیمنٹ ہلکا ترین ہے؟ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

(A) لیتھیم (B) سوڈیم (C) میگنیشیم (D) کیلشیم

11۔ سب سے زیادہ ری ایکٹیو میٹل ہے۔ [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]

(A) کیلشیم (B) سیزیم (C) لیتھیم (D) سوڈیم

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP: 03406042418

12- تقریباً تمام میٹلز ٹھوس ہوتی ہیں سوائے: [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

(A) زنک (B) مرکری (C) سونا (D) چاندی

13- سب سے زیادہ کثرت سے پائی جانے والی میٹل ہے: [MTN-II,DGK-I/II,ALP,FSD-II]

(A) ایلومینیم (B) سونا (C) چاندی (D) پلاٹینیم

14- میٹلز عموماً رکھتے ہیں: [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

(A) زیادہ آئیونائزیشن ویلیو (B) کم آئیونائزیشن ویلیو

(C) زیادہ الیکٹرون افینیٹی ویلیو (D) زیادہ الیکٹرونیگیٹیو ویلیو

15- سب سے بھاری میٹل ہے: [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

(A) آئرن (B) زنک (C) پلاٹینیم (D) لیڈ

16- کون سی دھات پر منرل ایسڈ یا الکلیز کا بھی اثر نہیں ہوتا؟ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) آئرن (B) زنک (C) سونا (D) سوڈیم

الیکٹروپوزیٹو خاصیت

17- ہوا میں میگنیشیم کے فلیم کا رنگ ہوتا ہے؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

(A) چمکیلا سفید (B) سُرخی مائل (C) سنہری پیلا (D) زردی مائل پیلا

18- کس فیملی کی جنرل الیکٹرونک کنفگریشن ns^1 ہے؟ [MTN-I,GUJ-I,FSD-II,ALP,SWL-I/II]

(A) الکلی میٹلز (B) الکلائن ارتھ میٹلز (C) ہیلوجنز (D) نوبل گیسز

19- انسانی جسم تقریباً ____ ایلیمنٹس کا بنا ہوا ہے۔ [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

(A) 23 (B) 19 (C) 20 (D) 21

نوبل میٹلز کی انرٹنس

downloaded from https://informationbhmisissed.com/

20- سب سے قیمتی میٹل ہے؟ [MTN-II,DGK-I,SWL-II]

(A) سلور (B) گولڈ (C) پلاٹینیم (D) آئرن

21- سلور کا سمبل ہے: [SGD-II,MTN-I,ALP,DGK-I]

(A) Sl (B) S (C) Ag (D) Hg

22- کس میٹل کے ایک گرام کو کھینچ کر ڈیڑھ کلو میٹر لمبی تاریں بنائی جا سکتی ہے؟ [LHR-II,MTN-I,ALP,DGK-II]

(A) سلور (B) سونا (C) لوہا (D) کیلیم

23- سوڈیم ڈائریکٹ ری ایکٹ نہیں کرتی ____ کے ساتھ؟ [BWP-II,MTN-I,FSD-II,SWL-I]

(A) پانی (B) نائٹروجن (C) ہائیڈروکلورک ایسڈ (D) 50% الکوحل

24- سوڈیم کا اٹامک سائز ہے: [RWP-II,SGD-II]

(A) 160 pm (B) 162 pm (C) 185 pm (D) 186 pm

25- حرارت کی سب سے کم تر کنڈکٹر ہے: [LHR-I,RWP-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) آئرن (B) گولڈ (C) سلور (D) لیڈ

Scanned with CamScanner

26۔ ہوا میں کیلشیم کے شعلے کا رنگ ہوتا ہے؟ [FSD-II,DGK-I,ALP,SWL-II]
(A) سبز (B) سفید (C) سنہری (D) سرخی مائل

8.2 نان میٹلو

27۔ کون سی میٹل نہایت سخت ہے؟ [RWP-II,DGK-I,SGD-II]
(A) گریفائٹ (B) فاسفورس (C) آیوڈین (D) ڈائمنڈ

28۔ کون سی ایک نان میٹل ہے؟ [GUJ-II,DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]
(A) Li (B) H (C) Na (D) K

29۔ کس ایلیمنٹ کی الیکٹرونیگیٹیویٹی سب سے زیادہ ہے؟ [GUJ-I/II,RWP-I,ALP,FSD-II]
(A) فلورین (B) کلورین (C) آکسیجن (D) نائٹروجن

30۔ کلورین کے شعلے کا رنگ ہے؟ [GUJII,FSD-I,ALP,DGK-I/II]
(A) ہلکا پیلا (B) سبزی مائل پیلا (C) سرخی مائل پیلا (D) جامنی سیاہ

31۔ سب سے کم الیکٹرونیگیٹیویٹی کس ہیلوجن کی ہے: [GUJ-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]
(A) فلورین (B) کلورین (C) برومین (D) آیوڈین

نان میٹلو کی اہمیت

32۔ انسانی جسم میں کاربن کی مقدار ______ فی صد ہوتی ہے؟ [SGD-I,MTN-I/II,BWP-I,SWL-II]
(A) 18 (B) 19 (C) 20 (D) 21

33۔ انسانی جسم کا بڑا حصہ (ماس کے لحاظ سے) پر مشتمل ہے؟ [RWP-II,DGK-I,GUJ-II,BWP-II]
(A) بینزین (B) امونیا (C) یوریا (D) پانی

34۔ زمین کی سطح میں سب سے زیادہ پائی جانے والی نان میٹل ہے: [RWP-I/II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]
(A) آکسیجن (B) نائٹروجن (C) ہائیڈروجن (D) کاربن

35۔ سمندر میں آکسیجن کی فی صد مقدار ہے: [FSD-II,DGK-II]
(A) 47% (B) 48% (C) 86% (D) 80%

downloaded from https://infohubpmsissed.com/

جوابات:

A	10	A	9	B	8	C	7	A	6	A	5	C	4	B	3	A	2	B	1
C	20	A	19	A	18	A	17	C	16	A	15	B	14	A	13	B	12	B	11
A	30	A	29	B	28	D	27	D	26	D	25	D	24	B	23	B	22	C	21
										C	35	A	34	D	33	A	32	D	31

ALP Annual Papers 2021
Objective Type

1۔ میٹلو کے کیمیائی خواص لکھیے۔ [SGD-I/II,FSD-I,BWP-II]

جواب: i۔ یہ آسانی سے الیکٹرونز دے کر پازیٹو آئنز بناتی ہیں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP:03406742418

ii۔ آکسیجن سے ری ایکشن کر کے بیسک آکسائیڈز بناتی ہیں۔

iii۔ عام طور پر نان میٹلز کے ساتھ آئیونک کمپاؤنڈ بناتی ہیں۔

iv۔ ان کی بانڈنگ میٹلک ہوتی ہے۔

2۔ الکلی اور الکلائن ارتھ میٹلز میں موازنہ کریں۔ [SGD-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

جواب:

الکلی میٹلز	الکلائن ارتھ میٹلز
i۔ یہ بہت ری ایکٹو ہیں اور ہمیشہ کمپاؤنڈ کی شکل میں پائے جاتے ہیں۔	i۔ یہ مناسب طور پر ری ایکٹو ہیں اور یہ بھی کمپاؤنڈ کی شکل میں پائے جاتے ہیں۔
ii۔ یہ بہت زیادہ الیکٹروپوزیٹو ہیں۔	ii۔ یہ کم الیکٹروپازیٹو ہیں۔
iii۔ مثال: گروپ I کے تمام ایلیمنٹس الکلی میٹلز ہیں۔	iii۔ مثال: گروپ II کے تمام ایلیمنٹس الکلائن ارتھ میٹلز ہیں۔

3۔ سوڈیم کے استعمالات لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,RWP-I,MTN-II]

جواب: i۔ سوڈیم پوٹاشیم الائے نیوکلیئری ایکٹرز میں حرارت جذب کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

ii۔ یہ سوڈیم ویپر لیمپ میں ییلو لائٹ پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

iii۔ کچھ میٹلز مثلاً ٹائٹینیم کے حصول میں بطور ری ڈیوسنگ ایجنٹ استعمال ہوتا ہے۔

4۔ سلور کے کوئی سے دو استعمالات لکھیں۔ [LHR-I,GUJ-II,RWP-II]

جواب: کاپر کے ساتھ سلور کے الائے سکے، سلور کے برتن اور آرائشی چیزیں بنانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ سلور کے کمپاؤنڈز وسیع پیمانے پر فوٹوگرافک فلم اور دانتوں کی تیاری میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

downloaded from https://infoharmsassed.com/

5۔ 22 قیراط سونے کا کیا مطلب ہے؟ [GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

جواب: 22 قیراط سونے کا مطلب یہ ہے کہ 22 حصے خالص سونے میں 2 حصے سلور یا کاپر شامل کیا گیا ہے۔ 22 قیراط سونا زیورات کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے۔

6۔ پلاٹینیم کے دو استعمالات لکھیں۔ [GUJ-I,DGK-II,ALP,MTN-I/II]

جواب: پلاٹینیم زیورات بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔ ہارڈ ڈسک ڈرائیو کوٹنگ اور فائبر آپٹک کیبلز کی تیاری میں پلاٹینیم استعمال کی جاتی ہے۔

7۔ نان میٹلز کی کیمیائی خصوصیات تحریر کریں۔ [GUJ-II,RWP-II]

جواب: i۔ نان میٹلز عام طور پر پانی کے ساتھ ری ایکٹ نہیں کرتی۔ یہ ڈائیلوٹ ایسڈ کے ساتھ ری ایکٹ نہیں کرتی۔ کیونکہ نان میٹلز خود الیکٹرون حاصل کرتی ہیں۔

ii۔ یہ میٹلز کے ساتھ ری ایکٹ کر کے آئیونک کمپاؤنڈز بناتے ہیں اور دوسری نان میٹلز کے ساتھ مل کر کوویلنٹ کمپاؤنڈز بناتی ہیں۔ جیسے NO_2 ، CO_2 وغیرہ۔

8۔ ہیلوجنز کیا ہیں؟ اس فیملی ممبرز کے نام لکھیے۔ [GUJ-II,FSD-I/II,SGD-I,BWP-II]

جواب: ہیلوجنز کا مطلب ہے نمک بنانے والے۔

گروپ سترہ کے ایلیمنٹس کو ہیلوجنز کہا جاتا ہے۔

فلورین	(F)	ہلکا پیلا	کلورین	(Cl)	سبزی مائل پیلا
برومین	(Br)	سرخی مائل براؤن	آیوڈین	(I)	جامنی سیاہ

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP 03406042418

9۔ آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کی جانوروں اور پودوں کے لیے کیا اہمیت ہے؟

جواب: آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ جانوروں اور پودوں کے سانس لینے کے لیے ضروری گیسز ہیں۔ ان گیسوں کے بغیر زندگی ممکن نہیں۔ اس لیے زندگی کی موجودگی کے لیے یہ گیسیں انتہائی ضروری ہیں۔

10۔ میٹلز اور نان میٹلز کی کیمیائی خصوصیات میں فرق لکھیں۔ [GUJ-II,RWP-II,ALP,MTN-I,DGK-II]

جواب:

میٹلز	نان میٹلز
i۔ یہ آسانی سے الیکٹرونز دے کر پازیٹو آئنز بناتی ہیں۔	i۔ نان میٹلز اپنے بیرونی شیلز کو مکمل کرنے کے لیے الیکٹرونز حاصل کرتی ہیں۔
ii۔ یہ نان میٹلز سے ملکر آئیونک کمپاؤنڈز بناتی ہیں۔	ii۔ نان میٹلز دوسری نان میٹلز سے ملکر کوویلنٹ کمپاؤنڈز بناتی ہیں اور میٹلز سے ملکر آئیونک کمپاؤنڈز بناتی ہیں۔

2013-2014-2015-2016-2017-2018-2019
Short Questions

8.1 میٹلز

downloaded from https://infohubhrmsset.com/

11۔ میٹلز کیا ہوتی ہیں؟ دو مثالیں دیں۔ [GUJ,RWP,ALP,FSD-II]

جواب: میٹلز وہ ایلیمنٹس ہیں جو (سوائے ہائیڈروجن کے) جو الیکٹروپوزیٹو ہوتے ہیں اور الیکٹرونز خارج کر کے کیٹائنز بناتی ہیں۔
مثلاً i۔ زنک ii۔ مرکری

12۔ سب سے کم ری ایکٹیو میٹلز کے نام لکھیے۔ [GUJ-I/II,FSD-I/II,DGK-I]

جواب: i۔ کاپر ii۔ مرکری iii۔ سلور iv۔ سونا

13۔ معتدل طور پر ری ایکٹیو میٹلز کے نام لکھیے۔ [LHR-II,GUJ-II,ALP,FSD-II]

جواب: i۔ زنک ii۔ آئرن iii۔ ٹن iv۔ لیڈ

14۔ سب سے زیادہ ری ایکٹیو میٹلز کے نام لکھیں۔ [SGD-I/II,MTN-II,BWP-I]

جواب: i۔ پوٹاشیم ii۔ سوڈیم iii۔ کیلشیم iv۔ میگنیشیم v۔ ایلومینیم

الیکٹروپوزیٹو خاصیت

15۔ الیکٹروپازیٹویٹی کیا ہے؟ [MTN-II,ALP,BWP-II]

جواب: میٹلز کے اپنے ویلنس الیکٹرونز خارج کرنے کے رجحان کو الیکٹروپوزیٹویٹی یا میٹیلک کریکٹر کہتے ہیں۔ کوئی میٹل جتنی آسانی سے الیکٹرون خارج کرتی ہے وہ اتنی ہی الیکٹروپازیٹو ہوتی ہے۔
مثال کے طور پر سوڈیم ایٹم ایک پوزیٹو آئن بنانے کے لیے ایک الیکٹرون خارج کر سکتی ہے اور زنک میٹل دو الیکٹرونز خارج کر سکتی ہے۔

$$Na \longrightarrow Na^{+1} + 1e^-$$

16۔ سیزیم کی آئیونائزیشن انرجی بہت کم کیوں ہے؟ [BWP-I/II,ALP,DGK-I,SWL-II]

جواب: آئیونائزیشن انرجی گروپ میں اوپر سے نیچے کی طرف کم ہوتی ہے چونکہ سیزیم پہلے گروپ کے آخر میں موجود ہے اس لیے اس کا اٹامک سائز بہت بڑا اور نیوکلیئر چارج بہت کم ہے اس لیے سیزیم میں ویلنسی شیل کا الیکٹرون نکالنا آسان ہے۔ لہٰذا سیزیم کی آئیونائزیشن انرجی

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269900 WHATSAPP:03460042418

کم ہے۔

17- میگنیشیم اور سوڈیم کا آکسیجن کے ساتھ کیمیائی تعامل لکھیں۔ [LHR-II,DGK-I,BWP-I/II,SWL-I]

جواب: $2Mg + O_2 \rightarrow 2MgO$

$Na_2 + O_2 \rightarrow Na_2O$

18- مساوات کی متوازن اور مکمل کریں۔ [GUJ-I,RWP-II,FSD-I,MTN-II]

$Mg + N_2 \rightarrow ?$ Ans:

$3Mg + N_2 \rightarrow Mg_3N_2$

19- الکلائن ارتھ میٹلز کی دو کیمیائی خصوصیات لکھیں۔ [LHR-II,ALP,DGK-II,MTN-I]

جواب: ہائیڈروجن کے ساتھ ری ایکشن:

یہ بہت زیادہ درجہ حرارت اور پریشر پر ہائیڈرائیڈز بناتی ہیں۔

$Ca + H_2 \rightarrow CaH_2$

.20 ہیلوجن کے ساتھ ری ایکشن:

یہ اپنے ہیلائیڈز بناتے ہوئے ہیلوجنز کے ساتھ آہستہ سے ری ایکٹ کرتی ہیں۔

$Ca + C\ell_2 \longrightarrow CaC\ell_2$

21- الکلی میٹلز ری ایکٹو کیوں ہیں؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: الکلی میٹلز ns^1 الیکٹرنک کنفگریشن کی وجہ سے بہت ری ایکٹو ہیں۔ انکے ویلنس شیل میں ایک الیکٹرون ہوتا ہے لہٰذا یہ اسے آسانی سے خارج کر سکتی ہیں۔ اس لیے نان میٹلز کے ساتھ مل کر سالٹس بناتی ہیں۔

22- میگنیشیم کے استعمال بیان کریں۔ [DGK-I,BWP-I,SWL-I]

جواب: i- میگنیشیم فلیش لائٹ اور آتش بازی میں استعمال ہوتی ہے۔

ii- ہلکے الائے بنانے کے کام آتی ہے۔

iii- کروژن سے بچاؤ میں میگنیشیم بطور اینوڈ استعمال ہوتی ہے۔

23- کیلشیم کے استعمالات بیان کریں۔ [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: i- پیٹرولیم پراڈکٹس سے سلفر کے کمپاؤنڈز کو دور کرنے کے کام آتی ہے۔

ii- میٹلز مثلاً Zr، U اور Cr کے حصول میں ریڈیوسنگ ایجنٹ کے طور پر کام کرتی ہے۔

24- سوڈیم کا میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹ لکھیں۔ [MTN-I,ALP,SGD-II,BWP-I]

جواب: میلٹنگ پوائنٹ = 97°C

بوائلنگ پوائنٹ = 883°C

نوبل میٹلز کی انرٹنس

25- سلور کو بہت ہی کم خالص حالت میں استعمال کیا جاتا ہے کیوں؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

جواب: سلور بہت ہی نرم میٹل ہے اس لیے اس کو بہت کم ہی خالص حالت میں استعمال کیا جاتا ہے۔

26- گولڈ کے استعمالات لکھیں۔ [LHR-I,ALP,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

جواب: i- فضا میں اس کی انرٹنس ہونے کی وجہ سے گولڈ زیورات بنانے میں استعمال ہوتی ہے۔

ii- یہ سکے بنانے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

iii- گولڈ اتنا نرم ہے کہ اسے خالص حالت میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ کاپر سلور یا کسی دوسری میٹل کے ساتھ ہمیشہ اس کے الائے

downloaded from https://infohubhrmsaised.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP:03406042418

بنائے جاتے ہیں۔

27۔ گولڈ کے خالص پن کی اکائی کیا ہے؟ [LHR-II,ALP,BWP-II,SWL-II]

جواب: سونے کا خالص پن قیراط میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ الائے کے 24 حصوں میں وزن کے لحاظ سے گولڈ کے کتنے حصے موجود ہیں۔ 24 قیراط کا سونا خالص ہوتا ہے۔

29۔ جیولری بنانے کے لیے پلاٹینیم کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

جواب: پلاٹینیم کو منفرد خصوصیات جیسا کہ رنگت، خوبصورتی، مضبوطی لچک اور چمک دمک رکھنے کی وجہ سے جیولری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ڈائمنڈ اور دوسرے جواہر کی آب و تاب میں اضافہ کر کے ان کے لیے ایک مضبوط فریم مہیا کرتی ہے۔

30۔ موٹر گاڑیوں میں پلاٹینیم کیٹالسٹ کے طور پر کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟ [DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

جواب: پلاڈیم اور روبیڈیم کے ساتھ پلاٹینیم کا الائے بطور کیٹالسٹ موٹر گاڑیوں میں کیٹالٹ کنورٹر کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ یہ گاڑیوں سے خارج ہونے والی زہریلی گیسوں کو کم نقصان دہ کاربن ڈائی آکسائیڈ نائٹروجن اور آبی بخارات میں تبدیل کر دیتے ہیں۔

8.2 نان میٹلز

31۔ میٹلائیڈز سے کیا مراد ہے؟ دو مثالیں دیں۔ [GUJ,RWP,FSD-II]

جواب: جدید پیریاڈک ٹیبل میں ایسے ایلیمنٹس جو میٹلز اور نان میٹلز دونوں کی خصوصیات رکھیں۔ میٹلائیڈز کہلاتے ہیں۔ مثلاً Ge اور As وغیرہ۔

32۔ نان میٹلز کیا ہوتے ہیں؟ دو مثالیں دیں۔ [LHR-II,ALP,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: وہ ایلیمنٹس جو الیکٹرونیگیٹو ہوتے ہیں اور الیکٹرون حاصل کر کے نیگیٹو آئنز بناتے ہیں انھیں نان میٹلز کہلاتے ہیں۔ مثلاً آکسیجن، کلورین، کاربن وغیرہ۔

33۔ نان میٹلز کی دو طبعی خصوصیات لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب: ٹھوس نان میٹلز سخت لیکن نازک ہوتی ہیں۔ یہ عام طور پر نرم ہیں (سوائے ڈائمنڈ)۔
یہ میٹلز کی طرح چمکدار نہیں ہوتی ہیں (سوائے آیوڈین کے) ان کی ڈینسٹی کم ہوتی ہے۔

34۔ نان میٹلک کے کردار کا انحصار کن امور پر ہے؟ [GUJ-I,MTN-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: نان میٹلک کے کردار کا انحصار الیکٹرون افنیٹی اور الیکٹرونیگیٹیویٹی پر ہے۔

35۔ HF ایک کمزور تیزاب کیوں ہے؟ [FSD-I,ALP,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: کلورین پیریاڈک ٹیبل میں چونکہ سب سے زیادہ الیکٹرونیگیٹیو ایلیمنٹ ہے اس لیے یہ بہت مضبوط ہائیڈروجن بانڈنگ بناتی ہے۔ مضبوط ہائیڈروجن بانڈنگ کی وجہ سے HF آسانی سے ہائیڈروجن نہیں دے سکتا۔ اس لیے یہ ایک کمزور تیزاب ہے۔

36۔ ہم روشنی میں میتھین کلورین کے ساتھ کیمیائی ری ایکشن تحریر کیجیے۔ [DGK-I,BWP-II]

جواب:
$$CH_4 + Cl_2 \xrightarrow{\text{Diffused S.L}} CH_3Cl + HCl$$
$$CH_3Cl + Cl_2 \longrightarrow CH_2Cl_2 + HCl$$
$$CH_2Cl_2 + Cl_2 \longrightarrow CHCl_3 + HCl$$
$$CHCl_3 + Cl_2 \longrightarrow CCl_4 + HCl$$

37۔ ہائیڈروجن کن حالات میں I_2 سے ری ایکٹ کرتی ہے؟ [FSD-II,ALP,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: ہائیڈروجن H_2 حرارت یا کیٹالسٹ کی موجودگی میں آیوڈین سے ری ایکٹ کرتی ہے۔

Downloaded from https://infohubforms.../

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/1020791752699904 WHATSAPP 03400942418

$$H_2 + I_2 \xrightarrow[\text{Catalyst}]{\text{Only on heating}} 2HI$$

38۔ ہیلوجنز کی کوئی دو کیمیائی خصوصیات تحریر کریں۔ [LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: آکسیڈائزنگ خصوصیات:

تمام ہیلو جنز آکسیڈائزنگ ایجنٹس ہیں۔ ان میں فلورین سب سے طاقتور آکسائیڈائزنگ ریجنٹ ہے اور آیوڈین سب سے کم آکسائیڈائزنگ ایجنٹ ہے۔

$$F_2 + 2KC\ell \longrightarrow 2Kf + C\ell_2$$

ہیلوجنز کے ساتھ ری ایکشن:

تمام ہیلوجنز (X_2) ہائیڈروجن سے کیمیکل ری ایکشن کر کے ہائیڈروجن ہیلائڈز (HX) بناتے ہیں

$$H_2 + C\ell_2 \xrightarrow{\text{Sunlight}} 2HC\ell$$

39۔ $C\ell_2$ کے NaOH کے ساتھ ٹھنڈی اور گرم حالت میں ری ایکشنز کیمیائی مساواتوں سے ظاہر کیجیے۔

جواب: ٹھنڈی حالت میں ری ایکشن:

$$2NaOH + C\ell_2 \longrightarrow NaC\ell + NaOC\ell + H_2O$$

گرم حالت میں ری ایکشن:

$$6NaOH + 3C\ell_2 \longrightarrow 5NaC\ell + NaOC\ell_3 + 3H_2O$$

40۔ دی گئی مساوات کو مکمل کریں۔ [GUJ-II,ALP,MTN-II,DGK-I]

جواب: a) $H_2 + C\ell_2 \xrightarrow{\text{Sunlight}} ?$

b) $CH_4 + 2C\ell_2 \xrightarrow{\text{Sunlight}} ?$

a) $H_2 + C\ell_2 \xrightarrow{\text{Sunlight}} 2HC\ell$

b) $CH_4 + 2C\ell_2 \xrightarrow{\text{Sunlight}} C + 4HC\ell$

downloaded from https://infohubhrmssissed.com

نان میٹلز کی اہمیت

41۔ نان میٹلز کے استعمالات تحریر کریں۔ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب: i۔ نان میٹلز ہماری حفاظت کرتی ہیں جو کپڑے ہم پہنتے ہیں سیلولوز (قدرتی فائبر) یا پولیمر (سنتھیٹک فائبر) کے بنے ہوتے ہیں۔

ii۔ نان میٹلز زندگی میں بھی رابطے کے لیے بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں تمام فوسل فیولز جو کہ انرجی کا بنیادی ذریعہ ہیں یعنی کوئلہ، پیٹرولیم اور گیس یہ کاربن اور ہائیڈروجن کے بنے ہوتے ہیں۔

iii۔ فوسلز فیول فیولز کے چلنے کا نہایت ضروری جزو آکسیجن بھی نان میٹل ہے۔

42۔ نائٹروجن انسان کے لیے کیسے مفید ثابت ہو سکتی ہے؟ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: i۔ ایٹموسفیئر میں 78% نائٹروجن سے بنا ہے۔

ii۔ سانس لینے میں استعمال کرتے ہیں۔

iii۔ یہ نائٹروجن سائیکل کا حصہ ہے۔

iv۔ یہ مصنوعی دھاگے اور کپڑے کا حصہ عام طور نائٹروجن ہوتا ہے۔ جیسے نائیلون، ایکرائلک وغیرہ۔

43۔ زمین پر زندگی کی حفاظت کے لیے نائٹروجن کیوں ضروری ہے؟

جواب: نائٹروجن ایک اہم نان میٹل ہے جو فضا میں 78% ہے۔ زمین پر زندگی کی حفاظت کے لیے ضروری ہے۔ یہ آگ اور جلنے کے عمل کو کنٹرول کرتی ہے۔ ورنہ ہمارے اردگرد تمام اشیاء ایک ہی شعلے سے جل سکتی تھیں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP:03406042418

44۔ زندگی کی بقا کے لیے پانی کیا اہمیت کیا ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

جواب: پانی نہ صرف جانداروں کے جسم کا اہم حصہ ہے بلکہ پودوں کا بھی اہم جزو ہے۔ یہ زندگی کی بقاء کے لیے ضروری ہے۔ ہم پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔ پانی کی کمی موت کا باعث بن سکتی ہے۔

مشقی سوالات کا حل

1. میٹلز کون سے چارج والا آئن بناتی ہیں؟

(A) یونی پوزیٹو (B) ڈائی پوزیٹو (C) ٹرائی پوزیٹو (D) یہ تمام

2. ان میں سے کونسی میٹل ہوا میں گرم ہونے پر سرخی مائل شعلے کے ساتھ جلتی ہے؟

(A) سوڈیم (B) میگنیشیم (C) آئرن (D) کیلسیم

3. سوڈیم بہت ری ایکٹو میٹل ہے لیکن یہ ری ایکٹ نہیں کرتی۔

(A) ہائڈروجن کے ساتھ (B) نائٹروجن کے ساتھ (C) سلفر کے ساتھ (D) فاسفورس کے ساتھ

4. ان میں سے ہلکا ترین اور پانی پر تیرنے والا کون سا ایلیمنٹ ہے؟

(A) کیلسیم (B) میگنیشیم (C) لیتھیم (D) سوڈیم

5. خالص الکلی میٹلز کو چاقو سے کاٹا جا سکتا ہے مگر آئرن کو نہیں: اس کی وجہ

(A) طاقتور میٹلک بانڈنگ (B) کمزور میٹلک بانڈنگ (C) نان میٹلک بانڈنگ (D) معتدل میٹلک بانڈنگ

6. درج ذیل میں سے کونسی میٹل کم میلیبل ہے؟

(A) سوڈیم (B) آئرن (C) گولڈ (D) سلور

7. میٹلز آسانی سے الیکٹرون خارج کرتی ہیں کیونکہ

(A) یہ الیکٹرونیگیٹو ہیں (B) ان کی الیکٹرون افینٹی ہوتی ہے (C) یہ الیکٹرو پوزیٹو ہیں (D) حرارت کی اچھی کنڈکٹر ہیں

8. ان میں سے کونسی میٹل آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے؟

(A) سوڈیم (B) ایلومینیم (C) سیلینیم (D) میگنیشیم

9. درج ذیل میں سے کونسی نان میٹل چمکدار ہے؟

(A) سلفر (B) فاسفورس (C) آیوڈین (D) کاربن

10. نان میٹلز عام طور پر نرم ہیں لیکن ان میں سے کونسی نہایت سخت ہے؟

(A) گریفائٹ (B) فاسفورس (C) آیوڈین (D) ڈائمنڈ

11. درج ذیل میں سے کون ہلکے HCl کے ساتھ ری ایکٹ نہیں کرتا؟

(A) سوڈیم (B) پوٹاشیم (C) کیلسیم (D) کاربن

downloaded from https://informationhrmssi.com

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269964 WHATSAPP:03408042418

جوابات

A	5	C	4	B	3	D	2	D	1
D	10	C	9	A	8	C	7	A	6
								D	11

مختصر سوالات

.1 گروپ میں نیچے کی طرف میٹلز کی ری ایکٹویٹی بڑھتی کیوں ہے؟

جواب: گروپ میں اوپر سے نیچے اٹامک سائز بڑھتا ہے۔اس لیے الیکٹرونز خارج کرنے کی صلاحیت بڑھتی ہے۔پس گروپ میں اوپر سے نیچے الیکٹروپوزیٹویٹی بڑھتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ گروپ میں نیچے کی طرف میٹلز کی ری ایکٹویٹی بڑھتی ہے۔

.2 میٹلز کی طبیعی خصوصیات بیان کریں۔

جواب: میٹلز کی خصوصیات: (i) تمام میٹلز سخت ہوتی ہیں (سوائے K، Na کے)

(ii) سوائے مرکری کے تمام میٹلز ٹھوس ہیں۔

(iii) ان کے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

(iv) ان میں میٹلیک چمک (Luster) ہوتی ہے اور انہیں پالش کیا جا سکتا ہے۔

(v) میٹلز حرارت اور بجلی کی اچھی کنڈکٹر ہوتی ہیں۔

(vi) میٹلز بہت بھاری ہوتی ہیں اور ان کی ڈینسٹی زیادہ ہوتی ہے۔

.3 الکلائن ارتھ میٹلز کے ساتھ نائٹروجن کمپاؤنڈز کیوں بناتی ہے؟

جواب: الکلائن ارتھ میٹلز الیکٹروپوزیٹو ہیں اور نائٹروجن الیکٹرونیگیٹو ہے، دونوں ری ایکشن کر کے قیام پذیر کمپاؤنڈ نائٹرائڈ بناتی ہیں۔مثلاً

$$3Mg + N_2 \xrightarrow{\text{حرارت}} Mg_3N_2$$

.4 میگنیشیم کی دوسری آئیونائزیشن انرجی پہلی سے زیادہ کیوں ہوتی ہے؟

جواب: میگنیشیم کے ویلنس شیل میں دو الیکٹرونز ہیں۔جب میگنیشیم کے ویلنس شیل میں سے ایک الیکٹرون نکل جاتا ہے تو نیوکلیئس بقیہ الیکٹرونز کو بہت زیادہ فورس سے اٹریکٹ کرتا ہے۔پس آئنز کا سائز کم ہو جاتا ہے۔اس لیے میگنیشیم آئن (Mg^+) سے دوسرے الیکٹرون کو نکالنا بہت مشکل ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کی میگنیشیم کی دوسری آئیونائزیشن انرجی پہلی آئیونائزیشن انرجی سے زیادہ ہے۔

$$(I.E_1 = 738 kJmol^{-1}, I.E_2 = 1450 kJmol^{-1})$$

.5 گروپ 2 کے میٹلز سے آکسیجن کیسے ری ایکٹ کرتی ہے؟

جواب: آکسیجن کا دوسرے گروپ کی میٹلز کے ساتھ ری ایکشن سست ہوتا ہے اور گرم کرنے پر آکسائڈز بناتی ہیں۔

$$2Mg + O_2 \xrightarrow{\text{حرارت}} 2MgO$$

.6 الیکٹروپوزیٹویٹی اور آئیونائزیشن انرجی میں کیا تعلق ہے؟

جواب: جن میٹلز کی آئیونائزیشن انرجی زیادہ ہوتی ہے ان کی الیکٹروپوزیٹویٹی کم ہوتی ہے اور جن میٹلز کی آئیونائزیشن انرجی کم ہوتی ہے ان کی الیکٹروپوزیٹویٹی زیادہ ہوتی ہے۔مثلاً گروپ 1 میں لیتھیم سب سے کم الیکٹروپوزیٹو ہے اور سیزیم سب سے زیادہ۔

downloaded from https://infohubhmssized.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269909 WHTSAPP 03406042418

پوزیٹویٹی زیادہ ہوتی ہے۔ مثلاً گروپ 1 میں لیتھیم سب سے کم الیکٹروپوزیٹو ہے اور سیزیم سب سے زیادہ۔

.7 پیریڈ میں بائیں سے دائیں جانب کیوں الیکٹروپوزیٹویٹی کم ہوتی ہے؟

جواب: پیریڈ میں بائیں سے دائیں جاتے ہوئے اٹامک سائز کم ہوتا جاتا ہے اس لیے الیکٹرون خارج کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے۔ پس پیریڈ میں بائیں سے دائیں الیکٹروپوزیٹویٹی کم ہوتی ہے۔

.8 الیکٹروپوزیٹویٹی کا انحصار ایٹم کے نیوکلیئر چارج پر کیسے ہے؟

جواب: کسی پیریڈ میں بائیں سے دائیں نیوکلیئر چارج مسلسل بڑھتا ہے لیکن شیلز کی تعداد میں اضافہ نہیں ہوتا۔ اس لیے اٹامک سائز کم ہوتا ہے۔ پس الیکٹرون خارج کرنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔ پس پیریڈ میں نیوکلیئر چارج بڑھنے سے الیکٹروپوزیٹویٹی کم ہو جاتی ہے۔ کسی گروپ میں اوپر سے نیچے نیوکلیئر چارج بڑھتا ہے اور شیلز کی تعداد بھی بڑھتی جاتی ہے۔ اس لیے اٹامک سائز بڑھتا ہے اور الیکٹرون خارج کرنے کی صلاحیت زیادہ ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گروپ میں الیکٹروپوزیٹویٹی زیادہ ہوتی جاتی ہے۔

.9 الکلائن ارتھ میٹلز کی آئیونائزیشن انرجی الکلی میٹلز سے کیوں زیادہ ہے؟

جواب: الکلائن ارتھ میٹلز کا اٹامک سائز الکلی میٹلز سے کم ہوتا ہے اس لیے الکلائن ارتھ میٹلز سے الیکٹرون خارج کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ الکلائن ارتھ میٹلز کی آئیونائزیشن انرجی الکلی میٹلز سے زیادہ ہوتی ہے۔

.10 سلور اور گولڈ نہایت کم ری ایکٹو کیوں ہیں؟

جواب: گولڈ اور سلور کی سطح پر فضا کا اثر نہیں ہوتا ہے۔ مزید ان کی الیکٹرونک کنفگریشن سٹیبل (Stable) ہوتی ہے۔ اس لیے ان میں الیکٹرون خارج کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے۔ پس گولڈ اور سلور کم ری ایکٹو میٹلز ہیں۔

.11 کیا خالص گولڈ آرائشی اشیا بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟ اگر نہیں تو کیوں؟

جواب: نہیں، خالص گولڈ آرائشی اشیاء بنانے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ اس کی وجہ ہے کہ خالص گولڈ بہت نرم ہوتا ہے اور اس سے بنی ہوئی اشیا جلدی ٹیڑھی ہو جاتی ہیں۔

.12 بجلی کی تاریں بنانے کے لیے کاپر کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: کاپر بجلی کا اچھا کنڈکٹر ہے اور ڈکٹائل ہونے کی وجہ سے تاریں اس سے بنائی جا سکتی ہے۔ اس وجہ سے کاپر بجلی کی تاریں بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

.13 الکلی میٹلز کی ڈینسٹیز (densities) میں تبدیلی کا رجحان کیا ہے؟

جواب: الکلی میٹلز کے گروپ میں اوپر سے نیچے جاتے ہوئے ڈینسٹی بڑھتی جاتی ہے، مثلاً لیتھیم کی ڈینسٹی $0.5 g\,cm^{-3}$ ہے اور سیزیم کی ڈینسٹی $1.93 g\,cm^{-3}$ ہے۔

.14 کون سی میٹل، میٹل ورک (metal work) میں استعمال ہوتی ہے؟

جواب: میٹل ورک میں وہ میٹلز استعمال ہوتی ہیں جو کم ری ایکٹو ہوں اور سستی بھی ہوں۔ اس مقصد کے لیے کاپر، آئرن اور سٹیل زیادہ استعمال ہوتی ہیں۔

.15 سوڈیم کی نسبت میگنیشیم کیوں زیادہ سخت ہے؟

جواب: میگنیشیم کا اٹامک سائز سوڈیم سے کم ہوتا ہے۔ اس لیے میگنیشیم میں میٹلک بانڈز زیادہ مضبوط ہوتا ہے۔ یہ وجہ ہے کہ سوڈیم کی نسبت میگنیشیم زیادہ سخت ہے۔

downloaded from https://infohubrmsssed.com/
Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP 03136042418

16. میگنیشیم کی نسبت کیلشیم کیوں زیادہ الیکٹروپوزیٹو ہے؟

جواب: کیلشیم کا اٹامک سائز میگنیشیم سے بڑا ہوتا ہے۔ اس لیے کیلشیم میں الیکٹرون خارج کرنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میگنیشیم کی نسبت کیلشیم زیادہ الیکٹروپوزیٹو ہے۔

17. میگنیشیم کی نسبت سوڈیم کی آئیونائزیشن انرجی کم کیوں ہے؟

جواب: سوڈیم کا اٹامک سائز میگنیشیم کے اٹامک سائز سے بڑا ہوتا ہے اس لیے سوڈیم کے نیوکلیس اور ویلنس الیکٹرونز میں اٹریکشن کمزور ہوتی ہے پس سوڈیم سے الیکٹرونز آسانی سے خارج ہوتا ہے۔ یہ وجہ ہے کہ میگنیشیم کی نسبت سوڈیم کی آئیونائزیشن انرجی کم ہوتی ہے۔

18. سوڈیم کی آئیونائزیشن انرجی پوٹاشیم سے زیادہ کیوں ہے؟

جواب: سوڈیم کا اٹامک سائز پوٹاشیم سے کم ہوتا ہے اس لیے سوڈیم کے نیوکلیس اور ویلنس الیکٹرونز میں مضبوط اٹریکشن ہوتی ہے پس سوڈیم سے الیکٹرون نکالنا مشکل ہوتا ہے۔ یہ وجہ ہے کہ سوڈیم کی آئیونائزیشن انرجی پوٹاشیم سے زیادہ ہوتی ہے۔

انشائیہ سوالات

☆ میٹلز کیا ہیں؟ ری ایکٹیویٹی کے لحاظ سے ان کی درجہ بندی کریں۔

جواب: میٹلز (Metals): وہ ایلیمنٹس جو الیکٹروپوزیٹو ہوتے ہیں اور الیکٹرونز خارج کر کے کیٹائنز (پوزیٹو آئنز) بناتے ہیں انہیں میٹلز کہتے ہیں۔ مثلاً آئرن، کاپر، نکل وغیرہ۔

میٹلز کی درجہ بندی: میٹلز کی درجہ بندی درج ذیل ہے۔

(i) **بہت ری ایکٹو میٹلز:** کچھ میٹلز بہت زیادہ ری ایکٹو ہوتی ہیں۔ مثلاً سوڈیم، پوٹاشیم، کیلشیم، میگنیشیم، اور ایلومینیم۔

(ii) **معتدل ری ایکٹو میٹلز:** کچھ میٹلز معتدل ری ایکٹو ہوتی ہیں۔ مثلاً زنک، آئرن اور لیڈ وغیرہ۔

(iii) **سب سے کم ری ایکٹو یا نوبل میٹلز:** کچھ میٹلز سب سے کم ری ایکٹو یا نوبل ہوتی ہیں۔ مثلاً کاپر، مرکری، سلور اور گولڈ۔

downloaded from https://informationmssiled.com

☆ نان میٹلز کی کیمیائی خصوصیات تحریر کریں۔

جواب: **نان میٹلز کی کیمیائی خصوصیات:**

(i) نان میٹلز پانی کے ساتھ ری ایکٹ نہیں کرتیں۔

(ii) نان میٹلز ڈائلیوٹ ایسڈ کے ساتھ ری ایکٹ نہیں کرتیں کیونکہ یہ خود الیکٹرونز حاصل کرتی ہیں۔

(iii) نان میٹلز اپنے ویلنس شیل کو مکمل کرنے کے لیے چند الیکٹرونز قبول کر کے استحکام حاصل کرتی ہیں۔

(iv) یہ میٹلز کے ساتھ آئیونک کمپاؤنڈز اور دوسرے نان میٹلز کے ساتھ کوویلنٹ کمپاؤنڈز بناتی ہیں۔ مثلاً $NaCl$، CO_2، NO_2 وغیرہ۔

(v) نان میٹلز کے گروپس میں اوپر والے ایلیمنٹس کی الیکٹرونیگیٹیویٹی زیادہ ہوتی ہے۔

(vi) الیکٹرونیگیٹیویٹی کے کم ہونے کا رجحان درج ذیل ہوتا ہے۔

$$F > O > Cl > N > Br > S > C > I > P$$

☆☆☆☆☆☆☆☆

Scanned with CamScanner

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 1

باب نمبر 1: کیمسٹری کے بنیادی اصول

(معروضی)

وقت: 15 منٹ — کل نمبر: 12

	A	B	C	D
1	(A)	(B)	(C)	(D)
2	(A)	(B)	(C)	(D)
3	(A)	(B)	(C)	(D)
4	(A)	(B)	(C)	(D)
5	(A)	(B)	(C)	(D)
6	(A)	(B)	(C)	(D)
7	(A)	(B)	(C)	(D)
8	(A)	(B)	(C)	(D)
9	(A)	(B)	(C)	(D)
10	(A)	(B)	(C)	(D)
11	(A)	(B)	(C)	(D)
12	(A)	(B)	(C)	(D)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

.1 پانی کے ایک مالیکیول کا ماس ہوتا ہے:
(A) 18 amu (B) 18 g (C) 18 mg (D) 18 kg

.2 درج ذیل میں سے کون سا ایک ڈائی اٹامک مالیکیول ہے؟
(A) H_2SO_4 (B) C_6H_6 (C) H_2O (D) CO

.3 سمندر میں پائے جانے والے ایلیمنٹس میں سب سے زیادہ پایا جانے والا ایلیمنٹ ہے:
(A) ہائیڈروجن (B) آکسیجن (C) نائٹروجن (D) سلیکان

.4 پوٹاشیم کا سمبل ہے۔
(A) K (B) O (C) S (D) P

.5 کون سا ہیٹروجینئس مکسچر ہے؟
(A) دودھ (B) روشنائی (C) مٹی (D) آئس کریم

.6 ______ ایلیمنٹ کرہ ارض میں سب سے زیادہ پایا جاتا ہے:
(A) آئرن (B) سلیکان (C) ایلومینیم (D) آکسیجن

.7 سوڈیم کلورائڈ کا فارمولا ماس ہے:
(A) 57.5 amu (B) 58.5 amu (C) 35.5 amu (D) 38.5 amu

.8 ایک amu (اٹامک ماس یونٹ) برابر ہے:
(A) 1.66×10^{-24}g (B) 1.66×10^{-24}g (C) 1.66×10^{-23}g (D) 1.66×10^{-23}kg

.9 گلوکوز کا مالیکیولر فارمولا ہے:
(A) $C_6H_{12}O_6$ (B) CHO (C) CH_2O (D) $C_2H_4O_2$

.10 بینزین کا مالیکیولر فارمولا ہے:
(A) H_2O_2 (B) CH_2O (C) $C_6H_{12}O_6$ (D) C_6H_6

.11 ایووگیڈرو نمبر کا سمبل ہے:
(A) A (B) Z (C) N_A (D) A_N

.12 ڈائی اٹامک مالیکیول کی مثال ہے:
(A) CO_2 (B) $HC\ell$ (C) H_2O (D) O_3

downloaded from https://infohubrhmsissed.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP 03406042418

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

﴿حصہ اوّل﴾

2۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. طبعی اور کیمیائی خصوصیات میں فرق کیجیے۔ ii. سیلیکان ڈائی آکسائڈ اور کیلشیم آکسائڈ کا کیمیائی فارمولا لکھیں۔

iii. ویلنسی سے کیا مراد ہے؟ اس کا انحصار کس چیز پر ہے؟ iv. دو ایلیمنٹس کے نام لکھیے جو روم ٹمپریچر پر مائع حالت میں پائے جاتے ہیں؟

v. ایلومینیم سلفیٹ اور کیلشیم فاسفیٹ کا کیمیائی فارمولا لکھیے۔ vi. کمپاؤنڈ اور مکسچر کے درمیان کوئی سے دو فرق بیان کیجیے۔

vii. کیمیائی فارمولا کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیں۔ viii. ایلیمنٹ کی تعریف کریں۔

3۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. نائٹرک ایسڈ کا مالیکیولر ماس معلوم کیجیے۔ ii. امپیریکل فارمولا کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

iii. سوڈیم سلفیٹ (Na_2SO_4) کا فارمولا ماس معلوم کیجیے۔ iv. اٹامک ماس یونٹ (amu) کی تعریف کیجیے۔

v. ایک ایٹم کے اٹامک نمبر اور ماس نمبر میں کیا فرق ہے؟ vi. ڈائی اٹامک مالیکیول کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے؟

vii. ٹرائی اٹامک مالیکیول اور ہیٹرو مالیکیول کی تعریف کیجیے اور مثال دیں۔ viii. گرام اٹامک ماس اور گرام مالیکیولر ماس کے فرق کو واضح کریں۔

4۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. ہومو اٹامک اور ہیٹرو اٹامک مالیکیول میں فرق تحریر کیجیے۔ ii. ٹرائی اٹامک مالیکیول اور پولی اٹامک مالیکیول کی تعریف کیجیے۔

iii. پانی کے ایک مول میں کتنے ہائڈروجن ایٹم ہوتے ہیں؟ iv. ایووگیڈروز نمبر کی تعریف کیجیے۔

v. مول کیا ہے؟ vi. 9 گرام پانی میں مالیکیول کی تعداد معلوم کیجیے۔

vii. 84 گرام کاربن میں کاربن کے مولز کی تعداد معلوم کیجیے۔ viii. 9.0 گرام کاربن میں مولز کی تعداد کیا ہوگی؟

downloaded from https://infohubhimissised.com/

﴿حصہ دوم﴾

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

5. (الف) ایلیمنٹس کی تعریف کریں اور ایلیمنٹس کی اقسام مثالوں سے بیان کریں۔

(ب) نائٹرک ایسڈ (HNO_3) کا مالیکیولر ماس معلوم کریں۔

6. (الف) پانچ ایسی خصوصیات بیان کریں جن کی بنیاد پر ہم کمپاؤنڈ اور مکسچر میں تمیز کر سکیں۔

(ب) کمپاؤنڈ اور مکسچر میں فرق کریں۔

7. (الف) مول کسی شے کی مقدار بتانے کے لیے SI یونٹ ہے۔ اس کی تعریف مثالوں سے کریں۔

(ب) کیمسٹری کی کوئی سی چار شاخوں کی وضاحت کریں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP 03406042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 2 باب نمبر 2: ایٹم کی ساخت

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	A	B	C	D
2	A	B	C	D
3	A	B	C	D
4	A	B	C	D
5	A	B	C	D
6	A	B	C	D
7	A	B	C	D
8	A	B	C	D
9	A	B	C	D
10	A	B	C	D
11	A	B	C	D
12	A	B	C	D

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. پہلے آربٹ میں الیکٹرون کے اینگولر مومینٹم کی قیمت مساوی ہے:
(A) $1\times10^{-34}\,kgm^2.s^{-1}$ (B) $2\times10^{-34}\,kgm^2.s^{-1}$ (C) $3\times10^{-34}\,kgm^2.s^{-1}$ (D) $2.5\times10^{-34}\,kgm^2.s^{-1}$

2. آربٹ کا تصور کس نے پیش کیا؟
(A) جے جے تھامسن (B) پلانکس (C) رورفورڈ (D) نیل بوہر

3. ایٹم کا نیوکلیس مشتمل ہوتا ہے۔
(A) الیکٹرونز (B) الیکٹرونز اور پروٹونز (C) پروٹونز اور نیوٹرونز (D) الیکٹرونز اور نیوٹرونز

4. مندرجہ ذیل میں سے کون سی میٹل زیادہ ورق پذیر ہے؟
(A) سوڈیم (B) لوہا (C) پوٹاشیم (D) سونا

5. کاربن فیملی کی جنرل الیکٹرونی تشکیل ہے:
(A) ns^2np^1 (B) ns^2np^2 (C) ns^2np^3 (D) ns^2np^4

6. الیکٹرونک کنفگریشن کی بنیاد ہے:
(A) آئیونائزیشن انرجی (B) الیکٹران افینٹی (C) ماس نمبر (D) اٹامک نمبر

7. K شیل میں الیکٹرونز کی زیادہ سے زیادہ تعداد موجود ہوسکتی ہے:
(A) 2 (B) 18 (C) 4 (D) 8

8. سیکنڈ انرجی لیول کون سا ہے؟
(A) K (B) L (C) M (D) N

9. ان میں سے کون سا شیل تین سب شیلز پر مشتمل ہے؟
(A) O شیل (B) N شیل (C) L شیل (D) M شیل

10. فلورین کا اٹامک نمبر ہوتا ہے۔
(A) 3 (B) 4 (C) 5 (D) 9

11. P سب شیل مشتمل ہے۔
(A) ایک آربٹل پر (B) دو آربٹل پر (C) تین آربٹل پر (D) چار آربٹل پر

12. L شیل میں الیکٹرون کی زیادہ سے زیادہ تعداد ہے۔
(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 5

downloaded from https://infohubhrmssissed.com

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269900 WHATSAPP:03406042418

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

﴿حصہ اوّل﴾

2۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. ردرفورڈ ماڈل میں دو نقائص لکھیے۔
ii. میکس پلانک کو نوبیل پرائز سے کیوں نوازا گیا؟
iii. ردرفورڈ کے تجربے کے مشاہدات تحریر کیجیے۔
iv. بوہر کے ایٹمی ماڈل کے کوئی دو مفروضات تحریر کیجیے۔
v. ردرفورڈ کی اٹامک تھیوری اور بوہر کی اٹامک تھیوری میں فرق بیان کیجیے۔
vi. الیکٹرون کب انرجی خارج یا جذب کرتا ہے؟
vii. کوانٹم سے کیا مراد ہے؟
viii. ردرفورڈ اور بوہر کی اٹامک تھیوریز میں دو فرق بیان کیجیے۔

3۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. 11 الیکٹرونز رکھنے والے ایلیمنٹ کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے۔
ii. ایک ایلیمنٹ کے M شیل میں 5 الیکٹرونز ہیں۔ اس کا اٹامک نمبر معلوم کیجئے۔
iii. نائٹروجن کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیں۔ اس کا اٹامک نمبر 7 ہے۔
iv. فلورین اور نی اون کی الیکٹرونک کنفگریشن تحریر کیجیے؟
v. Mg^{2+} اور Al^{3+} کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے۔
vi. آکسیجن کی الیکٹرونک کنفگریشن تحریر کریں؟
vii. دوسرے شیل میں کتنے سب شیل ہوتے ہیں۔
viii. نائٹروجن کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیں۔

4۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. شیلز اور سب شیلز میں کیا فرق ہے؟
ii. $_{15}P$ اور $_{11}Na$ کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے۔
iii. کلورین 17 کی الیکٹرونی تشکیل لکھیے۔
iv. سلفر کے لیے الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے۔
v. ایک شیل کی زیادہ سے زیادہ گنجائش کیا ہے؟
vi. میگنیشیم الیکٹرون دینے کی صلاحیت کیوں رکھتا ہے؟
vii. میگنیشیم کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے۔
viii. M، L، K اور N شیلز میں کتنے الیکٹرونز سما سکتے ہیں۔

downloaded from https://infohubforumssisssat.com

﴿حصہ دوم﴾

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

5. (الف) ردرفورڈ نے کیسے ثابت کیا کہ ایٹم کے مرکز میں نیوکلیئس واقع ہے؟
(ب) ایسے ایلیمنٹ کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھئے جس میں گیارہ الیکٹرونز ہوں۔

6. (الف) بوہر کے اٹامک ماڈل کا ایک مفروضہ یہ ہے کہ متحرک الیکٹرون کا اینگولر مومینٹم کوانٹائزڈ ہوتا ہے۔ اس کا مفہوم واضح کریں اور تیسرے آربٹ کا اینگولر مومینٹم معلوم کریں۔
(ب) آئسوٹوپس کے چار استعمال لکھیں۔

7. (الف) الیکٹرونک کنفگریشن سے کیا مراد ہے؟ کسی ایٹم کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھتے ہوئے کون سی بنیادی باتیں مطلوب ہیں؟
(ب) ایک ایلیمنٹ کے M شیل میں 5 الیکٹرونز موجود ہیں۔ اس کا اٹامک نمبر معلوم کریں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269904 WHATSAPP:03406042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 3

باب نمبر3: پیریاڈک ٹیبل اور خصوصیات کی پیریاڈیسٹی

کل نمبر:12 (معروضی) وقت:15 منٹ

1	A	B	C	D
2	A	B	C	D
3	A	B	C	D
4	A	B	C	D
5	A	B	C	D
6	A	B	C	D
7	A	B	C	D
8	A	B	C	D
9	A	B	C	D
10	A	B	C	D
11	A	B	C	D
12	A	B	C	D

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

.1 6th پیریڈ میں ایلیمنٹس کی تعداد ہے:
(A) 18 (B) 32 (C) 54 (D) 80

.2 جدید پیریاڈک ٹیبل میں کتنے بلاکس موجود ہوتے ہیں؟
(A) 3 (B) 4 (C) 5 (D) 6

.3 مینڈلیف کے پیریاڈک ٹیبل کی بنیاد تھی:
(A) الیکٹرونک کنفگریشن (B) اٹامک ماس (C) اٹامک نمبر (D) سب شیل کا مکمل ہونا

.4 اٹامک نمبر کس کی ایجاد ہے؟
(A) ڈالٹن (B) رودرفورڈ (C) بوہر (D) ایچ۔ موزلے

.5 ایکٹینائڈز پیریاڈک ٹیبل کے کس بلاک سے تعلق رکھتی ہیں؟
(A) f (B) d (C) p (D) s

.6 دوسرے پیریڈ میں ایلیمنٹس کی تعداد ہے۔
(A) 2 (B) 8 (C) 18 (D) 32

.7 لونگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل کی موجودہ شکل میں چوتھا اور پانچواں پیریڈ کہلاتے ہیں:
(A) نارمل پیریڈز (B) شارٹ پیریڈز (C) ویری لونگ پیریڈز (D) لونگ پیریڈز

.8 پیریاڈک ٹیبل کی عمودی قطاریں کہلاتی ہیں:
(A) گروپس (B) اٹامک نمبر (C) پیریڈز (D) میٹلک بانڈ

.9 لونگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل کی بنیاد ہے:
(A) مینڈلیف کا اصول (B) اٹامک نمبر (C) اٹامک ماس (D) ماس نمبر

.10 سب سے زیادہ الیکٹرونیگیٹو ایلیمنٹ ہے:
(A) آئیوڈین (B) برومین (C) کلورین (D) فلورین

.11 الیکٹرون افینٹی کے متعلق غلط بیان کی نشاندہی کریں:
(A) اس کی پیمائش $kJmol^{-1}$ میں کی جاتی ہے (B) اس میں انرجی کا اخراج ہوتا ہے
(C) یہ پیریڈ میں بتدریج کم ہوتی ہے (D) یہ گروپ میں بتدریج کم ہوتی ہے

.12 الیکٹرون افینٹی کے متعلق درست بیان کی نشاندہی کیجئے:
(A) اس کی پیمائش $KJ\ mol^{-1}$ میں کی جاتی ہے (B) اس میں انرجی کا انجذاب ہوتا ہے (C) یہ پیریڈ میں کم ہوتی ہے (D) یہ گروپ میں زیادہ ہوتی ہے

downloaded from https://

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/10207917526990 WHATSAPP: 0321-6042418

کل نمبر:48	(انشائیہ طرز)	وقت:1 گھنٹہ 45 منٹ

حصہ اوّل

2۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 5×2=10

i. پیریاڈک ٹیبل میں گروپ نمبر سترہ کے چار عناصر کے نام یا سمبل تحریر کیجیے۔ ii. پیریاڈک ٹیبل میں آپ گروپ سے کیا مراد لیتے ہیں؟

iii. پیریاڈک ٹیبل کی تعریف کیجیے اور اس کی ایک اہم خصوصیت تحریر کیجیے۔ iv. پیریاڈک ٹیبل میں پہلے گروپ کے کوئی سے چار عناصر کے نام یا سمبل تحریر کریں؟

v. لینتھانائڈز سیریز کس ایلیمنٹ سے شروع ہوتے ہیں۔اس ایلیمنٹ کا اٹامک نمبر لکھیں۔ vi. وجہ بتائیے گروپ 13 تا 18 کے عناصر کو p-بلاک عناصر کہا جاتا ہے۔

vii. پیریاڈک ٹیبل میں کتنے بلاکس ہوتے ہیں؟ viii. نوبل گیسز کیوں ری ایکٹو نہیں ہوتیں؟

3۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 5×2=10

i. مینڈلیف کے پیریاڈک لاء اور جدید پیریاڈک لاء میں کیا فرق ہے؟ ii. لانگ فارم پیریاڈک ٹیبل کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کیجیے؟

iii. ٹرانزیشن میٹلز کی تعریف کریں۔ iv. نوبل گیسز کی الیکٹرونک کنفگریشن کی اہمیت تحریر کیجیے۔

v. الیکٹرون افینٹی کی تعریف کیجیے۔ vi. ایلیمنٹ کی دوسری آیونائزیشن انرجی پہلی آیونائزیشن انرجی سے زیادہ کیوں ہوتی ہے؟

vii. شیلڈنگ افیکٹ کی تعریف کیجیے۔ viii. الیکٹرونیگیٹیویٹی کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔

4۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 5×2=10

i. گروپ میں ایٹم کا سائز یا ریڈیس کیوں بڑھتا ہے؟ ii. آیونائزیشن انرجی کی تعریف کریں۔

iii. اٹامک ریڈیس سے کیا مراد ہے؟ اس کے یونٹس لکھیے۔ iv. شیلڈنگ افیکٹ کی تعریف کیجیے۔ پیریڈ میں اس کا رجحان بیان کیجیے۔

v. میٹلز کی آیونائزیشن انرجی کم کیوں ہوتی ہے؟ vi. مؤثر نیوکلیئر چارج کی تعریف کیجیے۔

vii. سوڈیم کی آیونائزیشن انرجی میگنیشیم سے کم کیوں ہے؟ viii. جب ہم پیریڈ میں بائیں سے دائیں جائیں تو پیریڈ میں ایٹم کا سائز کیوں کم ہو جاتا ہے؟

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ 6 x 9 = 18

5. آیونائزیشن انرجی کیا ہے؟ پیریاڈک ٹیبل میں اس کے رجحان کی وضاحت کریں۔

6. الیکٹرون افینٹی کی تعریف کریں۔ پیریاڈک ٹیبل میں یہ کیوں پیریڈ میں بڑھتی اور گروپ میں کم ہوتی ہے۔

7. مندرجہ ذیل بیان کا جواز پیش کریں۔

"بڑے سائز کے ایٹمز کی آیونائزیشن انرجی کم ہوتی ہے اور ان کا شیلڈنگ افیکٹ زیادہ ہوتا ہے"

downloaded from https://mohsinhabibmssiased.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269990 WHATSAPP 03406042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 4 — باب نمبر 4: مالیکیولز کی ساخت

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	A	B	C	D
2	A	B	C	D
3	A	B	C	D
4	A	B	C	D
5	A	B	C	D
6	A	B	C	D

7	A	B	C	D
8	A	B	C	D
9	A	B	C	D
10	A	B	C	D
11	A	B	C	D
12	A	B	C	D

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. ہائڈروجن بانڈنگ میں کون سی فورس ہوتی ہے؟
(A) انٹر مالیکیولر فورس (B) آئینی فورس (C) کوویلنٹ فورس (D) میٹلک فورس

2. نائٹروجن (N_2) مالیکیول میں کوویلنٹ بانڈ کی کون سی قسم موجود ہے؟
(A) سنگل کوویلنٹ بانڈ (B) ڈبل کوویلنٹ بانڈ (C) ٹرپل کوویلنٹ بانڈ (D) میٹلک بانڈ

3. ایک الیکٹرون کے حصول سے کلورین ایٹم بن جاتا ہے:
(A) کیٹائن (B) اینائن (C) مالیکیولر کیٹائن (D) مالیکیولر اینائن

4. اوکٹیٹ رول ہے:
(A) آٹھ الیکٹرونز کی وضاحت (B) الیکٹرونک کنفگریشن کی شکل (C) الیکٹرونک کنفگریشن کا انداز (D) آٹھ الیکٹرونز کا حصول

5. کون سا ایک پولر مالیکیول ہے؟
(A) O_2 (B) Cl_2 (C) HCl (D) H_2

6. کوویلنٹ مالیکیولز میں موجود بانڈ پیئر عموماً رکھتا ہے:
(A) ایک الیکٹرون (B) تین الیکٹرونز (C) چار الیکٹرونز (D) دو الیکٹرونز

7. ایک کیمیکل بانڈ کو توڑنے کیلئے کتنی انرجی درکار ہوتی ہے؟
(A) 428 KJ (B) 429 KJ (C) 430 KJ (D) 431 KJ

8. درج ذیل میں سے کون سا کمپاؤنڈ بانڈنگ کے لحاظ سے غیر سمتی ہے؟
(A) H_2O (B) CO_2 (C) KBr (D) CH_4

9. مالیکیولز کے درمیان پائی جانے والی کمزور ترین فورس ہے:
(A) آئیونک فورس (B) میٹلک فورس (C) کوویلنٹ فورس (D) انٹر مالیکیولر فورس

10. برف پانی پر تیرتی ہے کیونکہ:
(A) برف پانی سے کثیف ہے
(B) برف کی کرسٹلائن ساخت
(C) پانی برف سے کثیف ہے
(D) پانی کے مالیکیول بے ترتیبی سے حرکت کرتے ہیں

11. پانی کی ڈینسٹی ہوتی ہے:
(A) $2gcm^{-3}$ (B) $-2gcm^{-3}$ (C) $1gcm^{-3}$ (D) $-1gcm^{-3}$

12. ہائڈروجن بانڈنگ میں کون سی فورس ہوتی ہے؟
(A) کوویلنٹ فورس (B) آئینی فورس (C) میٹلک فورس (D) انٹر مالیکیولر فورس

downloaded from https://infoxbhrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269901

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

﴿حصہ اوّل﴾

2۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. کیمیکل بانڈ کی تعریف کریں۔
ii. نان پولر کوویلنٹ بانڈ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔
iii. آئیونک بانڈ کی مختصر وضاحت کیجیے۔
iv. نائٹروجن گیس N_2 میں کس قسم کا کوویلنٹ بانڈ بنتا ہے؟
v. ڈبل کوویلنٹ بانڈ اور ٹرپل کوویلنٹ بانڈ کی تعریف کیجیے۔
vi. کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ کی تعریف کیجیے۔
vii. ٹرپل کوویلنٹ بانڈ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔
viii. لون پیئر اور بانڈ پیئر الیکٹرونز میں فرق بیان کیجیے۔

3۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. آئیونک بانڈ اور کوویلنٹ بانڈ میں فرق کیا ہے؟
ii. کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ میں آپ ڈونر اور ایکسپٹر کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟
iii. آکسیجن مالیکیول پولر کوویلنٹ بانڈ کیوں نہیں بناتا؟
iv. کوویلنٹ بانڈ کی تعریف لکھیے۔ ایک مثال دیں۔
v. کوویلنٹ بانڈز میں الیکٹرونیگیٹیویٹی اور پولیرٹی میں تعلق تحریر کیجیے۔
vi. BF_3 اور امونیا NH_3 میں کوآرڈی نیٹ کوویلنٹ بانڈ بننے کی وضاحت کیجیے۔
vii. CH_4 میں کس طرح کا کوویلنٹ بانڈ پایا جاتا ہے؟
viii. BF_3 میں الیکٹرونز کی کمی کی وجہ کیا ہے؟

downloaded from https://infohuhhmsaiseed.com/

4۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. انٹرمالیکیولر فورسز کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔
ii. HCl کے اندر ڈائی پول-ڈائی پول فورسز کیوں پائی جاتی ہیں؟
iii. ڈائی پول۔ڈائی پول فورسز کیا ہوتی ہیں؟
iv. وان ڈر والز فورسز کیا ہیں؟
v. پانی کا بوائلنگ پوائنٹ الکوحل سے زیادہ کیوں ہے؟
vi. پولر اور نان پولر کوویلنٹ بانڈ کے درمیان کیا فرق ہے؟ دونوں کی وضاحت کے لیے ایک ایک مثال دیں۔
vii. الیکٹرونیگیٹیویٹی اور پولیریٹی میں کیا فرق ہے؟
viii. ایک کوویلنٹ بانڈ پولر کیوں بن جاتا ہے؟

﴿حصہ دوم﴾

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

5. (الف) آئیونک بانڈ کیا ہے؟ سوڈیم اور کلورین کے درمیان آئیونک بانڈ بننے کے عمل کی وضاحت کریں۔
(ب) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ بانڈ کیسے بنتا ہے؟ مثالوں سے وضاحت کریں۔

6. (الف) کوویلنٹ بانڈ کی اقسام کی وضاحت کریں اور ہر قسم کے لیے کم از کم ایک مثال دیں۔
(ب) ایک کوویلنٹ بانڈ کے اندر آئیونک خصوصیات کیسے پیدا ہو جاتی ہیں؟ وضاحت کریں۔

7. (الف) مٹیلک بانڈ کیا ہوتے ہیں؟ وضاحت کریں۔
(ب) ہائیڈروجن بانڈنگ کی تعریف کریں۔ اس بات کی وضاحت کریں کہ یہ فورسز کمپاؤنڈز کی طبعی خصوصیات پر کیوں اثر انداز ہوتی ہیں؟

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269908 ITS APP 03046042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 5

باب نمبر 5: مادے کی طبیعی حالتیں

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	A	B	C	D
2	A	B	C	D
3	A	B	C	D
4	A	B	C	D
5	A	B	C	D
6	A	B	C	D
7	A	B	C	D
8	A	B	C	D
9	A	B	C	D
10	A	B	C	D
11	A	B	C	D
12	A	B	C	D

نوٹ: ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پن سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

.1 چارلس لاء میں K کس کے برابر ہے؟

(A) $\frac{T}{V}$ (B) TV (C) $\frac{V}{T}$ (D) $\frac{V}{P}$

.2 ایبسولیوٹ زیرو کی ویلیو ہے:

(A) −273.15°C (B) 273.15°C (C) 0°C (D) 100°C

.3 گیس کی ڈینسٹی ______ میں ظاہر کی جاتی ہے:

(A) g / Cm^3 (B) Kg / Cm^3 (C) g / dm^3 (D) Kg / Cm^3

.4 بوائل کے قانون میں مستقل رکھے جانے والا فیکٹر ہے:

(A) والیم (B) پریشر (C) ٹمپریچر (D) مول

.5 ایک صحت مند انسان کا بلڈ پریشر ہوتا ہے۔

(A) 120 / 80 mm Hg (B) 110 / 100 mm Hg (C) 140 / 90 mm Hg (D) 150 / 70 mm Hg

.6 مادہ کی سادہ حالت ہے:

(A) گیس (B) مائع (C) ٹھوس (D) دونوں B اور C

.7 درج ذیل میں سے کون سی گیس ڈی فیوز ہوتی ہے؟

(A) ہائڈروجن (B) ہیلیئم (C) فلورین (D) کلورین

.8 100°C پر پانی کا ویپر پریشر ہے:

(A) 140 mmHg (B) 360 mmHg (C) 580 mmHg (D) 760 mmHg

.9 ایویپوریشن کے عمل میں جو مالیکیول مائع کی سطح کو چھوڑتے ہیں ان میں ہوتی ہے:

(A) بہت کم انرجی (B) درمیانی انرجی (C) انرجی نہیں ہوتی (D) بہت زیادہ انرجی

.10 کس ٹمپریچر پر گیس کا والیوم زیرو ہوگا؟

(A) 273 K (B) 173 K (C) 73 K (D) −273°C

.11 گیسوں کا وہ قانون جو والیوم اور پریشر کے تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔

(A) ڈالٹن کا قانون (B) چارلس کا قانون (C) گراہم کا قانون (D) بوائل کا قانون

.12 ایبسولیوٹ ٹمپریچر سکیل متعارف کروائی تھی۔

(A) کیلون (B) ہنری (C) بوائل (D) والیم

downloaded from https://infohubhamssissed.com/

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269908 WHATSAPP:0340 042418

کل نمبر:48	(انشائیہ طرز)	وقت:1 گھنٹہ 45 منٹ

حصہ اوّل

2- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. $-20°C$ کو کیلون ٹمپریچر میں تبدیل کیجیے۔
ii. بوائل کا قانون بیان کیجیے؟
iii. $-30°C$ کو کیلون ٹمپریچر میں تبدیل کریں۔
iv. $100\ °C$ کو کیلون میں تبدیل کیجیے۔
v. چارلس کے قانون کی تعریف کیجیے اور حسابی فارمولا لکھیے۔
vi. ایبسولیوٹ زیرو سے کیا مراد ہے؟
vii. $-45°C$ کو کیلون ٹمپریچر میں تبدیل کریں۔
viii. $30°C$ کو کیلون میں تبدیل کریں۔

3- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. بارش کے قطرات نیچے کی طرف کیوں گرتے ہیں؟
ii. ایویپوریشن اور بوائلنگ پوائنٹ میں فرق بیان کیجیے۔
iii. ڈائیگرام کی مدد سے مائع اور ویپرز کے درمیان ڈائنامک ایکویلبریم کی حالت ظاہر کریں۔
iv. ٹمپریچر کے ایویپوریشن پر کیا اثرات ہوتے ہیں؟
v. ایویپوریشن کی تعریف کیجیے۔ سطحی رقبہ کا اس پر کیا اثر ہوتا ہے؟
vi. کنڈنسیشن سے کیا مراد ہے؟
vii. ایویپوریشن کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔
viii. ٹمپریچر میں اضافہ سے ایپوریشن میں اضافہ کیوں ہوجاتا ہے؟

downloaded from https://infohubmssissed.com

4- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. ویپر پریشر کی تعریف کیجیے۔
ii. ڈائنامک ایکویلبریم کی تعریف کیجیے۔
iii. مادہ کی مائع حالت کی دو خصوصیات لکھیے۔
iv. ایویپوریشن پر اثر انداز ہونے والے فیکٹرز کے نام لکھیے۔
v. سطحی رقبہ کا ایویپوریشن پر کیا اثر ہوتا ہے؟
vi. بیرونی پریشر کا بوائلنگ پوائنٹ پر کیا اثر ہوتا ہے؟
